آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL Quetta

www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز منگل 23 جون 2020ء بمطابق 29 شوال 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ 173

(ملو ٹس) اگر کرونا وائرس سے دور اور محفوظ رہنا چاہتے ہیں تو عقلمندی اسی میں ہے کہ احتیاطی تدابیر پر سختی سے کاربند رہیں۔ دنیا کو اپنے باشعور ہونے کا ثبوت دیں، زندگی اور اپنے وطن سے محبت کا پیغام عام کریں۔

پاکستان کے معاشی حالات کے باعث مکمل لاک ڈاؤن ممکن نہیں، ڈاکٹر ظفر مرزا

ڈیکسامیتھا سون مارکیٹ سے غائب، حکومت نے کورونا کے علاج کیلئے ریمڈیسویر اور ڈیکسامیتھا سون بنانے کی منظوری دیدی

ملک میں کورونا سے مکمل ریکوری ریٹ 40 فیصد ہے، کورونا وائرس کے باعث 43 ہیلتھ ورکرز وفات پا چکے ہیں، معاون خصوصی برائے صحت

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم کے معاون خصوصی برائے صحت ڈاکٹر ظفر مرزا نے کہا ہے کہ کورونا وائرس کے علاج کے لیے استعمال ہونے والی ادویات ریمڈیسویر اور ڈیکسامیتھا سون بنانے کی منظوری دی ہے، پاکستان میں کورونا کے باعث 2.5 فیصد مریضوں کی حالت تشویش ناک ہے، ملک میں کورونا سے مکمل ریکوری ریٹ 40 فیصد ہے، کورونا وائرس کے باعث 43 ہیلتھ ورکرز وفات پا چکے ہیں، ہیلتھ ورکرز کی کیسے مدد کرنی ہے اس کے لیے کام ہو رہا ہے، پاکستان کے معاشی حالات کے باعث مکمل لاک ڈاؤن ممکن نہیں۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ کورونا کے کیسز اور اموات ہمارے بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کورونا وائرس کی موجودہ صورتحال، اسپتالوں میں دستیاب ایمرجنسی سہولیات اور دیگر متعلقہ امور کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ہمارا اگلا مہینہ مشکل ہے، اسمارٹ لاک ڈاؤن کرنا پڑیگا، وزیر اعظم

لوگ مجھ سے نریندر مودی والے لاک ڈاؤن کی توقع کر رہے تھے، اللہ کا شکر ہے دباؤ میں نہیں آیا، وزیر اعظم کو وڈ ریلیف فنڈ کے ساڑھے 4 ارب روپے میں 50 فیصد چھوٹے عطیات ہیں

بڑے ہسپتالوں کے باہر بیماروں کیساتھ آنے والے تیمار دار کو ٹھہرانے کیلئے پناہ گاہیں بنائی جائیں گی، ہم احساس پروگرام میں استعمال ہونے والی رقم کی مکمل تفصیلات شائع کریں گے

پارلیمنٹرینز اور وزرا سے کہتا ہوں پناہ گاہوں میں جائیں اور لوگوں کیساتھ کھانا کھائیں اور حال پوچھیں، پناہ گاہوں میں اضافہ کریں گے، عمران خان کا تقریب سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم عمران خان نے کہا ہے کہ لوگ مجھ سے لاک ڈاؤن کی توقع کر رہے تھے جو نریندر مودی نے کیا، اللہ کا شکر میں نے اس دباؤ کی مزاحمت کی اور وہ لاک ڈاؤن نہیں لگایا، ہمارا اگلا مہینہ مشکل ہے، ہمیں بیماروں، مریضوں اور بزرگوں کو کورونا وائرس سے محفوظ رکھنے کے لیے اسمارٹ لاک ڈاؤن کرنا پڑیگا، کسی نے آج تک پاکستان میں عطیات اتنے پیسے اکٹھے نہیں کیے جتنے 30 سال کے دوران میں نے کیے ہیں، وزیر اعظم کو وڈ ریلیف فنڈ کے ساڑھے 4 ارب روپے میں 50 فیصد چھوٹے عطیات ہیں جو عام لوگوں نے دیئے، ایک دفعہ لوگوں کو اعتماد ہو جائے کہ ہمارے عطیات کرپشن کی نذر ہونے کے بجائے درست طریقے سے استعمال ہو رہے ہیں تو کھلے دل سے عطیات دیتے ہیں، بڑے ہسپتالوں کے باہر بیماروں کیساتھ آنے والے تیمار دار بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

لاہور: آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ پاک بحریہ کے وار کالج میں 49 ویں نیول اسٹاف کورس کے شرکاء اور پاکستان نیوی وار کالج کے فیکلٹی ممبران سے خطاب کر رہے ہیں

آرمی چیف کا پاکستان نیوی وار کالج لاہور کا دورہ

آرمی چیف نے یادگار شہداء پر حاضری دی، پھول چڑھائے اور فاتحہ خوانی کی

لاہور (این این آئی) آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ نے پاکستان نیوی وار کالج لاہور کا دورہ کیا۔ آرمی چیف نے یادگار شہداء پر حاضری دی، پھول چڑھائے اور فاتحہ خوانی کی۔ ڈی جی آئی ایس پی آر کے مطابق آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ نے پاکستان نیوی وار کالج لاہور کا دورہ کیا۔ بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

نصیر آباد رینج میں جرائم میں ملوث افراد کی گرفتاری کیلئے متعلقہ ایس پیز کی نگرانی میں خصوصی ٹیمیں تشکیل دی گئیں، شہاب عظیم لہڑی

کوئٹہ (خ ن) ڈی آئی جی پولیس نصیر آباد رینج شہاب عظیم لہڑی نے کہا ہے آئی جی پولیس بلوچستان محسن حسن بٹ کی صدارت میں منعقدہ کمانڈ کانفرنس میں کیے گئے فیصلوں کی روشنی میں نصیر آباد رینج میں امن وامان کی صورتحال کی مزید بہتری اور جرائم کے تدارک کے لیے جاری مہم کے دوران گزشتہ چھ ماہ کے دوران یکم جنوری سے ایک نصیر آباد رینج میں قتل، بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

بجلی کی لوڈشیڈنگ، وولٹیج میں کمی بیشی و آنکھ مچولی سے عوام الناس تنگ آچکے ہیں، مولانا عبدالحق ہاشمی

وولٹیج میں کمی بیشی سے قیمتی برقی آلات جل رہے ہیں جس سے عوام کا نقصان ہو رہا ہے

سخت گرمی میں بجلی کی لوڈشیڈنگ نے نظام زندگی جام کر دیا ہے، امیر جماعت اسلامی بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا عبدالحق ہاشمی نے کہا کہ بجلی کی لوڈشیڈنگ، وولٹیج میں کمی بیشی و آنکھ مچولی سے عوام الناس تنگ آچکے ہیں سخت گرمی میں بجلی کی لوڈشیڈنگ نے نظام زندگی جام کر دیا ہے وولٹیج میں کمی بیشی سے قیمتی برقی آلات جل رہے ہیں جس سے عوام کا نقصان ہو رہا ہے۔ حکومت صوبے کی زراعت و معیشت کو بچانے کیلئے بلوچستان کو بجلی لوڈشیڈنگ سے استثنیٰ دیں۔ حکومت بلوچستان میں امن بحال کریں عوام کی جان و مال کی حفاظت حکومت کی ذمہ داری بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

تمام نصابی کتابوں میں جہاں محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نام مبارک آتا ہے ساتھ لفظ خاتم النبیین لکھنا لازمی ہوگا، قرارداد منظور کر لی

نور الحسن تنویر کی تجویز پر وزیر مملکت برائے پارلیمانی امور علی محمد خان نے اتفاق رائے سے قرارداد پیش کی

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی نے متفقہ قرارداد منظور کی ہے کہ تمام نصابی کتابوں میں جہاں جہاں محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نام مبارک آتا ہے اس کے ساتھ لفظ خاتم النبیین لکھنا لازمی ہوگا، پیر کو مسلم لیگ ن کے نور الحسن تنویر کی تجویز پر وزیر مملکت برائے پارلیمانی امور علی محمد خان نے بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

چمن پاک افغان باڈر باب دوستی پر دو طرفہ تجارتی سرگرمیوں کیلئے آج کھول دیا گیا

چمن (نامہ نگار) پاک افغان سرحد کورونا وائرس کے خدشے کے پیش نظر چار ماہ سے بند ہے جبکہ چمن پاک افغان باڈر باب دوستی پر دو طرفہ تجارتی بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

بلوچستان اسمبلی میں مالی سال 2020-21 کے بجٹ پر عام بحث کا آغاز آج سے ہوگا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی میں مالی سال 2020-21 کے بجٹ پر عام بحث کا آغاز آج سے ہوگا، تفصیلات کے مطابق بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

دکی میں مقامی کوئلہ کان میں مٹی کا تودہ گرنے سے ایک کانکن جاں بحق،

دکی (این این آئی) دکی میں مقامی کوئلہ کان میں مٹی کا تودہ گرنے سے ایک کانکن جاں بحق، پولیس کے مطابق پیر کو دکی میں مقامی کوئلہ کان بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

بیٹے نے بکری نہ دینے پر ماں کی ناک کاٹ لی

کوہلو (این این آئی) ضلع کوہلو کے دور دراز علاقے بغدرواڑا میں بیٹے نے ماں کی ناک کاٹ دی ہے تفصیلات کے مطابق ضلع کوہلو کے تحصیل بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

وزیر اعظم کیخلاف نازیبا الفاظ استعمال کرنے پر قائد ایوان سینیٹر شہزاد وسیم کا احتجاج

اسلام آباد (این این آئی) قائد ایوان سینیٹ سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم نے پیر کو ایوان میں وزیر اعظم عمران خان کے خلاف نازیبا الفاظ استعمال بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

عمران صاحب عدالت سے بھاگ جانا آپ کا وطیرہ اور شناخت بن چکی ہے، مریم اورنگزیب

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی ترجمان مریم اورنگزیب نے وزیر اعظم عمران خان کی طرف سے شہباز شریف کے بیک عزت بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

بے نظیر سے متعلق باتیں مجھے رحمان ملک نے بتائیں، سنتھیا رچی کا دعویٰ

اسلام آباد (این این آئی) امریکی شہری سنتھیا رچی نے ایک بار پھر دعویٰ کیا ہے کہ سابق وزیر اعظم بے نظیر سے متعلق باتیں انہیں رحمان ملک بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

علامہ طالب جوہری کی مذہبی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، اسد قیصر، قاسم خان سوری

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر و اپنی اسپیکر قومی اسمبلی قاسم خان سوری نے جید شیعہ عالم دین علامہ طالب جوہری کے بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

وزیر اعظم کیخلاف نازیبا الفاظ استعمال کرنے پر قائد ایوان سینیٹر شہزاد وسیم کا احتجاج

چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی نے وزیر اعظم سے متعلق نازیبا الفاظ حذف کروا دیے

اسلام آباد (این این آئی) قائد ایوان سینیٹ سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم نے پیر کو ایوان میں وزیر اعظم عمران خان کے خلاف نازیبا الفاظ استعمال کرنے پر سخت احتجاج کیا۔ چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی نے وزیر اعظم سے متعلق نازیبا الفاظ حذف کروا دیے۔ چیئرمین سینیٹ نے بار بار کہا کہ بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

آصف زرداری پر پارک لین کے بعد منی لانڈرنگ کیس میں بھی فرد جرم کی سات جولائی کی تاریخ مقرر

اسلام آباد (این این آئی) احتساب عدالت نے آصف زرداری پر پارک لین کے بعد منی لانڈرنگ کیس میں بھی فرد جرم کی تاریخ مقرر کر دی۔ تحریری حکمنامہ کیم طاہق آصف علی زرداری، حسین لوائی اور انور مجید و دیگر پر 7 جولائی کو فرد جرم عائد کی جائے گی، کورونا کے باعث جیل میں موجود ملزمان پر ویڈیو لنک کے ذریعے فرد جرم کا فیصلہ کر لیا گیا۔ تحریری حکمنامے بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: مشیر خزانہ ڈاکٹر عبدالحفیظ شیخ ای سی سی کے خصوصی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وزیر اعظم کیخلاف نازیبا الفاظ استعمال کرنے پر قائد ایوان سینیٹر شہزاد وسیم کا احتجاج

اسلام آباد (این این آئی) قائد ایوان سینیٹ سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم نے پیر کو ایوان میں وزیر اعظم عمران خان کے خلاف نازیبا الفاظ استعمال بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

نمود صورتحال میں صوبائی حکومت نے ایک اچھا بجٹ پیش کیا ہے، لیاقت شاہوانی

تعلیمی اداروں کے لئے ایس او پیز تیار کرنے کے حوالے سے ایک کمیٹی تشکیل دے دی ہے، ترجمان حکومت بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) ترجمان حکومت بلوچستان لیاقت شاہوانی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں اموات کی شرح میں اضافہ ہوا ہے، گزشتہ دس روز کے دوران کورونا اور دیگر مختلف امراض کے باعث 553 افراد جاں بحق ہوئے ہیں، تعلیمی اداروں کے لئے ایس او پیز تیار کرنے کے حوالے سے بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

وزیر اعلیٰ بلوچستان

عوام الناس تمام احتیاطی تدابیر پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں

کوئٹہ شہر میں وائرس کے پھیلاؤ کے رجحان میں اضافہ پر تشویش کا اظہار، عوام الناس سے ایک مرتبہ پھر اپیل کی گئی کہ وہ ماسک کے استعمال سمیت دیگر تمام احتیاطی تدابیر پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں

عوام کے مفاد میں وائرس کے پھیلاؤ کی روک تھام کے لئے سخت اقدامات سے بھی گریز نہیں کیا جائے گا، جام کمال خان کا اجلاس میں اظہار خیال

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے ڈویژنل اور ضلعی اسپتالوں میں کورونا وائرس کی ٹیسٹنگ لیبارٹریوں کے قیام کے لئے فوری طور پر بنیادی ڈھانچہ تیار کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے ضلعی سطح پر کورونا وائرس کی ٹیسٹنگ کے آغاز کو جلد از جلد یقینی بنانے کی ضرورت پر زور دیا ہے، کورونا وائرس کی موجودہ صورتحال وائرس کے پھیلاؤ کے رجحان اور اسپتالوں میں ایمرجنسی سہولیات کے متعلق امور کے جائزہ کے لئے منعقدہ اعلیٰ سطحی اجلاس کے دوران اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے تحقی سے ہدایت کی کہ حکومتی اجلاسوں کے دوران کئے گئے فیصلوں پر ان کی روح کے مطابق عملدرآمد کو ہر صورت بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

بھارت کا وطیرہ حقائق کو مسخ کرنے اور سچائی سے فرار کی کوشش کے سوا اور کچھ نہیں، فائزہ

بھارتی قابض افواج کسی قانون یا جوابدہی کے احساس یا خوف سے بالاتر کشمیریوں کے خلاف جرائم کا ارتکاب کر رہی ہیں

او آئی سی بھارت سے 5 اگست 2019 کے غیر قانونی اور یک طرفہ اقدامات کو کالعدم دینے کا مطالبہ کرے، وزیر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی نے او آئی سی کو مقبوضہ کشمیر میں بھارتی انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں اور جارحیت سے آگاہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ بھارتی قابض افواج کسی قانون یا جوابدہی کے احساس یا خوف سے بالاتر کشمیریوں کے خلاف جرائم کا ارتکاب کر رہی ہیں، بھارت کشمیریوں کی مزاحمتی تحریک کو "دہشت گردی" قرار دیکر الزام پاکستان پر عائد کرتا ہے، بھارت کا یہ وطیرہ حقائق کو مسخ کرنے اور سچائی سے فرار کی کوشش کے سوا اور کچھ نہیں، بھارت مقبوضہ کشمیر میں قطعی طور پر ناقابل قبول صورتحال اور ریاستی دہشت گردی سے دنیا کی توجہ ہٹانے کے لئے کوئی "فالس فلیگ" آپریشن کر سکتا ہے بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

ملک میں کبھی آٹے کبھی چینی اور کبھی پٹرول کا بحران اس نے عوام کی چیخیں نکال دی ہیں، پرویز ملک

احتساب کے نام پر ملک کی تباہی ہو رہی ہے اگر ملک و صوبہ کو ترقی دینا ہے تو وسائل سے کام لینا ہوگا

حکومت نے جھوٹے خواب دکھا کر سیاسی فراڈ کیا گیا اس ہزار ارب روپے قرض لے کر ہر پاکستانی کو مقروض کر دیا، عمران نذیر

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) لاہور کے صدر و رکن قومی اسمبلی محمد پرویز ملک و جنرل سیکرٹری لاہور خواجہ عمران نذیر نے کہا ہے کہ ملک میں کبھی آٹے کبھی چینی اور کبھی پٹرول کا بحران اس نے عوام کی چیخیں نکال دی ہیں انتقامی کارروائی نواز شریف سے حمزہ شہباز تک تا حال جاری ہیں اب تک دو سال تک کوئی کام نہ کیا صرف کہتے ہیں احتساب کے نام پر ملک کی تباہی ہو رہی ہے اگر ملک و صوبہ کو ترقی دینا ہے تو وسائل سے کام لینا ہوگا، نواز شریف شہباز شریف اور ن لیگ کی سچائی کی گواہی وقت دے بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

بجلی کی لوڈشیڈنگ، وولٹیج میں کمی بیشی و آنکھ مچولی سے عوام الناس تنگ آچکے ہیں، مولانا عبدالحق ہاشمی

وولٹیج میں کمی بیشی سے قیمتی برقی آلات جل رہے ہیں جس سے عوام کا نقصان ہو رہا ہے، امیر جماعت اسلامی بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا عبدالحق ہاشمی نے کہا کہ بجلی کی لوڈشیڈنگ، وولٹیج میں کمی بیشی و آنکھ مچولی سے عوام الناس تنگ آچکے ہیں سخت گرمی میں بجلی کی لوڈشیڈنگ نے نظام زندگی جام کر دیا ہے وولٹیج میں کمی بیشی سے قیمتی برقی آلات جل رہے ہیں جس سے عوام کا نقصان ہو رہا ہے۔ حکومت صوبے کی زراعت و معیشت کو بچانے کیلئے بلوچستان کو بجلی لوڈشیڈنگ سے استثنیٰ دیں۔ حکومت بلوچستان میں امن بحال کریں عوام کی جان و مال کی حفاظت حکومت کی ذمہ داری بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

نیکی کی لوڈشیڈنگ، وولٹیج میں کمی بیشی و آنکھ مچولی سے عوام الناس تنگ آچکے ہیں، مولانا عبدالحق ہاشمی

وولٹیج میں کمی بیشی سے قیمتی برقی آلات جل رہے ہیں جس سے عوام کا نقصان ہو رہا ہے، امیر جماعت اسلامی بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا عبدالحق ہاشمی نے کہا کہ بجلی کی لوڈشیڈنگ، وولٹیج میں کمی بیشی و آنکھ مچولی سے عوام الناس تنگ آچکے ہیں سخت گرمی میں بجلی کی لوڈشیڈنگ نے نظام زندگی جام کر دیا ہے وولٹیج میں کمی بیشی سے قیمتی برقی آلات جل رہے ہیں جس سے عوام کا نقصان ہو رہا ہے۔ حکومت صوبے کی زراعت و معیشت کو بچانے کیلئے بلوچستان کو بجلی لوڈشیڈنگ سے استثنیٰ دیں۔ حکومت بلوچستان میں امن بحال کریں عوام کی جان و مال کی حفاظت حکومت کی ذمہ داری ہے اگر وہ اس بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

نیکی کی لوڈشیڈنگ، وولٹیج میں کمی بیشی و آنکھ مچولی سے عوام الناس تنگ آچکے ہیں، مولانا عبدالحق ہاشمی

وولٹیج میں کمی بیشی سے قیمتی برقی آلات جل رہے ہیں جس سے عوام کا نقصان ہو رہا ہے، امیر جماعت اسلامی بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا عبدالحق ہاشمی نے کہا کہ بجلی کی لوڈشیڈنگ، وولٹیج میں کمی بیشی و آنکھ مچولی سے عوام الناس تنگ آچکے ہیں سخت گرمی میں بجلی کی لوڈشیڈنگ نے نظام زندگی جام کر دیا ہے وولٹیج میں کمی بیشی سے قیمتی برقی آلات جل رہے ہیں جس سے عوام کا نقصان ہو رہا ہے۔ حکومت صوبے کی زراعت و معیشت کو بچانے کیلئے بلوچستان کو بجلی لوڈشیڈنگ سے استثنیٰ دیں۔ حکومت بلوچستان میں امن بحال کریں عوام کی جان و مال کی حفاظت حکومت کی ذمہ داری بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

نیکی کی لوڈشیڈنگ، وولٹیج میں کمی بیشی و آنکھ مچولی سے عوام الناس تنگ آچکے ہیں، مولانا عبدالحق ہاشمی

وولٹیج میں کمی بیشی سے قیمتی برقی آلات جل رہے ہیں جس سے عوام کا نقصان ہو رہا ہے، امیر جماعت اسلامی بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا عبدالحق ہاشمی نے کہا کہ بجلی کی لوڈشیڈنگ، وولٹیج میں کمی بیشی و آنکھ مچولی سے عوام الناس تنگ آچکے ہیں سخت گرمی میں بجلی کی لوڈشیڈنگ نے نظام زندگی جام کر دیا ہے وولٹیج میں کمی بیشی سے قیمتی برقی آلات جل رہے ہیں جس سے عوام کا نقصان ہو رہا ہے۔ حکومت صوبے کی زراعت و معیشت کو بچانے کیلئے بلوچستان کو بجلی لوڈشیڈنگ سے استثنیٰ دیں۔ حکومت بلوچستان میں امن بحال کریں عوام کی جان و مال کی حفاظت حکومت کی ذمہ داری ہے اگر وہ اس

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

23 جون 2020ء

2020ء میں 2800 ٹی بی کے مریض رجسٹرڈ

جنوری سے مارچ 2020ء تک بلوچستان میں 2800 ٹی بی کے مریض رجسٹرڈ کئے گئے جن کا باقاعدہ علاج شروع کر دیا گیا ہے، کورونا وائرس کے باعث ٹی بی کنٹرول پروگرام کی سرگرمیاں محدود کی گئی تھیں اب ایس پی اوز پر عملدرآمد کرتے ہوئے پارٹنرز کے ساتھ ملکر ٹی بی کنٹرول پرگرام کو صوبے بھر میں دوبارہ فعال کیا جائے گا۔ 1998ء سے لیکر جنوری 2020ء تک صوبے بھر میں ٹی بی کنٹرول پروگرام کے ذریعے 93 ہزار سے زیادہ مریضوں کی نشاندہی اور انکا علاج کیا جاچکا ہے 2018ء سے اب تک مزاحمتی ٹی بی کی بروقت تشخیص کیلئے Genexpent مشینیں صوبے کے 35 سینٹروں کو دی جاچکی ہیں گزشتہ سال ٹی بی کے خاتمے کیلئے عالمی سطح پر متعارف کئے جانے والے جدید پروجیکٹ کا کوئٹہ سے آغاز کیا جاچکا ہے جو ٹی بی کے خاتمے کے لئے اب تک سب سے جدید، تیز اور منفرد اقدام تصور کیا جاتا ہے اس جدید پروجیکٹ کا نام "آو ٹی بی مٹاؤ" ہے۔ پروجیکٹ میں شامل موبائل وین میں مفت جدید ڈیجیٹل ایکسرے کے ذریعے ٹی بی کے ممکنہ مریضوں کی نشاندہی کی جاتی ہے ٹی بی کنٹرول پروگرام کی کوشش ہے کہ ہر وہ شخص جس میں ٹی بی کی علامات ظاہر ہوں وہ فوراً معائنہ کروائیں۔ بلغم ٹیسٹ کیلئے ٹی بی پروگرام کی جانب سے معیاری فورینسیں فراہم کی گئی ہیں یوں صوبائی ٹی بی کنٹرول پروگرام جہاں صوبے میں بے خبر ایسے مریضوں کو تلاش کر رہا ہے تاکہ انکی وجہ سے مزید یہ بیماری نہ پھیلے اور لوگوں میں یہ شعور پیدا کیا جائے کہ انکے نزدیک آگر کسی شخص میں ٹی بی کی علامات محسوس ہوں یا مشاہدے میں آئے تو اپنا معائنہ ضرور کروائیں۔ جنوری سے 31 مارچ تک صوبے میں 2800 ٹی بی کے نئے مریض رجسٹرڈ کئے گئے جن کا علاج جاری ہے۔ ٹی بی کے ایک مریض پر تقریباً ایک لاکھ روپے خرچہ آتا ہے اسی طرح مزاحمتی ٹی بی (ایم ڈی آر) کے مریض پر 10 لاکھ روپے خرچ آتا ہے حکومت بلوچستان اور ٹی بی کنٹرول پروگرام مریضوں کو یہ ادویات مفت فراہم کر رہا ہے۔ کورونا وائرس کے دوران ٹی بی کنٹرول پروگرام نے اپنی سرگرمیاں کچھ محدود کی تھیں تاہم اب ٹی بی کنٹرول پروگرام اپنے پارٹنرز مری کور، ایس پی او، انڈس ہسپتال کراچی، ترقی فاؤنڈیشن کے ساتھ ملکر دوبارہ ایس پی اوز پر مکمل عملدرآمد کرتے ہوئے صوبے میں دوبارہ اپنی سرگرمیاں شروع کریگا۔

بلوچستان حکومت کی کارکردگی

بلوچستان کی موجودہ مخلوط حکومت نے تیسرا بجٹ پیش کر دیا کورونا وائرس کے پیش نظر معاشی دباؤ کے

خلیل احمد

باوجود ترقیاتی اسکیمات میں فنڈز کی منصفانہ تقسیم صحت، تعلیم اور امن وامان کے شعبے کو ترجیحات میں شامل کر کے حکومت نے ثابت کر دیا ہے کہ عوام کی ترجیحات حکومت کا طرز سیاست ماضی کے اقتدار سے مکمل طور پر مختلف ہے مالی سال 21-2020 میں جہاں پوری دنیا کورونا جیسے مہلک وبائی مرض سے متاثر تھی وہیں بلوچستان حکومت محدود وسائل میں رہتے ہوئے اس عالمی وائرس سے جنگ لڑ رہی ہے اور اس جنگ میں جہاں ناقابل تلافی انسانی جانوں کا نقصان ہوا وہیں معیشت کو بھی کمر توڑ دھچکا لگا اور طبی آلات، ادویات اور دیگر سامان کی خریداری کا براہ راست بوجھ صوبے کی معیشت پر پڑا مگر اس کے باوجود وزیراعلیٰ بلوچستان میر جام کمال خان عالیانی اور انکی کابینہ نے 465 ارب روپے سے زائد کا بجٹ پیش کر دیا جس میں موجودہ صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے صحت کو ترجیحات میں شامل رکھا گیا کیونکہ تمام تر نامساعد حالات کے باوجود حکومت بلوچستان کورونا متاثرین کے ریلیف فوری علاج بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لئے کوشاں ہے یہی وجہ تھی کہ بلوچستان میں کورونا متاثرین کی تعداد ملک کے دیگر صوبوں کی نسبت سب سے کم ہے جو اس بات کی غمازی کر رہی ہے کہ حکومت بلوچستان عوام کی صحت وعلاج معالجے کے لئے مثبت پالیسیاں وضع کئے ہوئے ہے مالی سال 21-2020 میں بھی صحت کے بجٹ کی مد میں 31 ارب جبکہ صرف کورونا وائرس سے نمٹنے کیلئے علیحدہ سے 4.5 ارب روپے کی رقم رکھی گئی ہے جس سے نا صرف کورونا وائرس متاثرین کا بھرپور علاج معالجہ یقینی بنایا جائے گا بلکہ صوبے میں صحت کی سہولیات اسپتالوں میں ادویات کی موجودگی کو یقینی بنایا جارہا ہے صوبے میں تعلیم کا فروغ موجودہ حکومت کی ترجیحات کا اہم جزو ہے جس کے لئے وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال اور انکی کابینہ ایسے ترجیحی فیصلے کر رہی ہے جس کے دوررس نتائج برآمد ہونگے تعلیم کے شعبے میں بہتری لانے کے لئے مالی سال 21-2020 کے بجٹ میں 70 ارب روپے سے زائد کی رقم مختص کی گئی ہے جو بلوچستان کے آنے والی نسلوں کا مستقبل سنوارے گا اور ترقی کی راہ میں سنگ میل ثابت ہوگا حکومت بلوچستان صوبے کی ترقی اور خوشحالی کے لئے ان اہم منصوبوں پر کام کر رہی ہے جس کا براہ راست تعلق عوام سے ہے یہی وجہ ہے کہ مالی سال 21-2020 کے بجٹ میں ترقیاتی منصوبوں کے لئے 118 ارب سے زائد کی رقم رکھی گئی ہے اور اس ترقیات کی فوری تکمیل کی نگرانی وزیراعلیٰ بلوچستان میر جام کمال خود کر رہے ہیں ساتھ ہی ساتھ ماضی میں جو منصوبے اپنی تکمیل کو نہ پہنچ سکے انکی فوری تکمیل بھی اس بجٹ کا حصہ رہے گی تاکہ عوام کو انکی دہلیز تک ترقیاتی ثمرات پہنچ سکیں وزیراعلیٰ جام کمال اور انکی کابینہ اپنے حلف کی پاسداری کرتے ہوئے بلوچستان کے عوام کو خوشحالی کی ان منازل تک پہنچانے کیلئے کوشاں ہیں جنکا ہر مخلص اور ترقی پسندانہ سوچ کے حامل فرد نے خواب دیکھا ہے آنے والے ایام صوبے کی ترقی کی نوید سنا رہے ہیں اور اہل بلوچستان موجودہ حکومت وزیراعلیٰ بلوچستان اور انکی ٹیم سے پرامید ہیں کہ وہ بلوچستان کو تمام ان مسائل کے دلدل سے نکال باہر کرے گی جس میں بلوچستان ناقص طرز حکمرانی کے باعث دھنستا چلا گیا نئے مالی سال کا بجٹ پیش کرتے ہوئے صوبائی وزیر خزانہ میر ظہور بلیدی نے بتایا کہ بلوچستان کا مالی سال 2020-21 کا 465 ارب روپے سے زائد حجم کا ہے جسمیں 87 ارب کا خسارہ ہے، بجٹ میں ترقیاتی مد میں 118 ارب سے زائد جبکہ غیر ترقیاتی مد میں 309 ارب روپے سے زائد رقم مختص کی گئی ہے، صوبے میں تعلیم کے لئے بجٹ کا 17 فیصد، صحت کے لئے 10 فیصد جبکہ مواصلات کے لئے 9 فیصد حصہ مختص کیا گیا ہے، صوبے کو آئندہ مالی سال میں ریونیو کی مد میں 367.548 ارب روپے متوقع وفاقی محصولات سے 302.95 ارب، صوبے کے محصولات سے 49.945 ارب حاصل ہونگے، بجٹ میں 360 ارب روپے کا ٹیکس ریلیف دیا گیا ہے، سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ نہیں کیا گیا۔ بلوچستان اسمبلی کا بجٹ اجلاس دو گھنٹے کی تاخیر سے اسپیکر میر عبدالقدوس بزنجو کی صدارت میں شروع ہوا اجلاس میں صوبائی وزیر خزانہ میر ظہور بلیدی نے صوبے کا آئندہ مالی سال 2020-21 کا بجٹ پیش کیا، آئندہ مالی سال کے بجٹ کا حجم 465.528 ارب روپے ہے جس میں غیر ترقیاتی اخراجات کا تخمینہ 309.032 ارب، صوبائی پی ایس ڈی پی 106.079 ارب، غیر ملکی فنڈڈ منصوبوں کا حجم 12.201 ارب، وفاقی فنڈڈ منصوبوں کا حجم 38.216 ارب ہے آئندہ مالی سال بجٹ خسارہ 87.614 روپے ہونے کا امکان ہے آئندہ مالی سال کے بجٹ میں تعلیم کے لئے 17.03 فیصد صحت کے لئے 10.40 فیصد مواصلات وتعمیرات کے لئے 9.14 فیصد، آبپاشی کے لئے 4.38 فیصد، بلدیات کے لئے 4.02 فیصد، زراعت کے لئے 3.56 فیصد، پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے لئے 3.17 فیصد، توانائی کے لئے 2.19 فیصد، کھیل و امور نوجوانان کے لئے 1.49 فیصد، لائیو سٹاک کے لئے 1.30 فیصد، مائنز اینڈ منرلز کے لئے 0.97 فیصد، سماجی بہبود کے لئے 0.77 فیصد، صنعت کے لئے 0.54 فیصد، فشریز کے لئے 0.48 فیصد بجٹ مختص کیا گیا ہے، مالی سال 2020-21 کے دوران صوبے کو 367.548 ارب روپے کی آمدن متوقع ہے صوبے کو وفاق سے آئندہ سال 9.8 فیصد کم رقم ملے گی 2020-21 میں صوبے کو وفاق سے کل 302.95 ارب روپے ٹیکس کے جن میں سے 251.664 ارب ڈویزیبل پول، 13.390 براہ راست منتقلیوں، 27.850 ارب روپے ترقیاتی منصوبوں، 10 ارب روپے غیر ترقیاتی مد میں حاصل ہونگے، صوبے کو آئندہ سال 22 فیصد زائد آمدن کی توقع ہے بجٹ میں صوبے کی آمدن 49.945 ارب رکھی گئی ہے جس میں 20.926 ارب صوبائی ٹیکس ریونیو، 6.482 ٹیکس ریونیو، سوئی گیس لیوی اسٹیبلشمنٹ بونس کی مد میں 19 ارب جبکہ غیر ملکی امداد کی مد میں 3.538 ارب روپے حاصل ہونگے صوبے کو گندم کی فروخت سے 4.650 جبکہ غیر ملکی قرضہ جات میں 8.663 ارب روپے بھی حاصل ہونگے۔ مالی سال 2020-21 کے پی ایس ڈی پی کا حجم 118.250 بلین ہے جس میں 49.490 بلین آن گوئنگ جبکہ 56.590 نئے منصوبوں کے لئے رکھے گئے ہیں، پی ایس ڈی میں کل 2568 منصوبے رکھے گئے ہیں جن میں 934 آن گوئنگ جبکہ 1634 نئی اسکیمات شامل ہیں، پی ایس ڈی پی میں 12.177 ارب کے بیرونی امداد کے منصوبے بھی شامل ہیں، بجٹ میں کورونا وائرس اور آفات سے نمٹنے کے لئے 8 ارب روپے مختص کئے گئے ہیں، ریونیو دینے والے اضلاع کے لئے 5 ارب روپے کا ترقیاتی پروگرام بجٹ میں شامل کیا گیا ہے، صوبے کے ڈویژنل ہیڈ کوارٹرز میں ڈیزاسٹر مینجمنٹ بلیجز کے لئے 1.5 ارب روپے، سیاحت کے فروغ کے لئے 2 بلین مختص کئے گئے ہیں آئندہ مالی سال کے بجٹ میں سماجی واقتصادی بہتری کے لئے پوسٹ کورونا وائرس ریلیف پروگرام کے لئے 3 ارب روپے، بلوچستان سول ملازمین ہیلتھ انشورنس اسکیم کے لئے 1 ارب روپے مختص، وزیراعلیٰ مائیکرو فنانس بلاسود قرضہ جات پروگرام کے لئے 2 ارب، وزیراعلیٰ سستا گھر بلاسود قرضی اسکیم کے لئے 1 ارب، ہنڈی دل کے خاتمے کے لئے بجٹ میں 50 کروڑ، خوراک کے تحفظ کے لئے 1 ارب کا ریولونگ فنڈ، پنشن سرمایہ کاری کے لئے 2 ارب روپے مختص کئے گئے ہیں اس کے علاوہ صوبے کے کوئٹہ ریلوے کی بہتری کے لئے 2 ارب روپے مختص کئے گئے ہیں جبکہ داھدین میں آئرن پلانٹ اور مسلم باغ کی بہتری کے لئے بھی منصوبے شامل ہیں کورونا وائرس کی اس مشکل ترین گھڑی میں آنے والے بجٹ میں عوام کو ہر ممکن ریلیف دینے کی کوشش کی گئی ہے کورونا وبا سے پہلے کی نوماہ کی کارکردگی کا جائزہ لیا جائے تو صوبے کے تمام معاشی اشاریے مثبت تھے لیکن یہ بات واضح ہے کہ کورونا کے منفی اثرات نے بلوچستان سمیت پورے ملک پر بری طرح مرتب ہوئے لیکن وزیراعلیٰ جام کمال خان کی قیادت میں صوبائی حکومت نے جس ثابت قدمی سے ان حالات کا مقابلہ کیا وہ اپنی مثال آپ ہے نہ صرف بلوچستان پہنچنے والے ہزاروں زائرین کیلئے صحرا میں ہر ممکن سہولیات فراہم کیں بلکہ ان کو انکے آبائی علاقوں تک پہنچانے کیلئے ٹرانسپورٹ کا بھی بندوبست کیا جبکہ کورونا سے متاثرہ افراد کیلئے بلوچستان کے سرکاری ہسپتالوں کو اپ گریڈ کیا یہی وجہ ہے کہ بلوچستان میں کورونا کے باعث شرح اموات دوسرے صوبوں کے مقابلے میں کم ہیں یہی نہیں بلکہ کورونا کے باعث یہاں صحت یاب ہونے والے افراد کی تعداد بھی دیگر ملک سے زیادہ ہے جبکہ شکایات بھی نہ ہونے کے برابر ہے وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال نے اس مشکل صورتحال میں جس تدبر کا مظاہرہ کیا انکی ماضی میں مثال کم ہی ملتی ہے نہ صرف وہ خود متحرک رہے بلکہ بیوروکریسی کو بھی پوری طرح متحرک رکھا اور صوبے کے وسائل سے ہی کورونا سے نمٹنے کیلئے فنڈز فراہم کیئے جبکہ کورونا کے باعث معاشی طور پر کمزور ہوجانے والے سفید پوش طبقے کیلئے راشن کی فراہمی کیلئے ایک ارب روپے سے زائد فراہم کیئے تاہم اس ساری صورتحال میں انہوں نے صوبے کے ترقیاتی منصوبوں کو متاثر نہیں ہونے دیا فنڈز کی فراہمی کے باعث کئی منصوبے وقت قبل ہی مکمل کر لیئے گئے جبکہ جو رہ گئے ہیں وہ بھی جلد مکمل ہوجائیں گے موجودہ حکومت کی کارکردگی ماضی کے کئی حکومتوں سے کافی بہتر ہے اور پتہ چل رہا ہے کہ عوام کے ٹیکسوں سے حاصل ہونے والے فنڈز کو انکی فلاح وبہبود کیلئے استعمال کیا جارہا ہے دوسری طرف صوبے میں کرپشن میں کافی حد تک کمی دیکھنے میں آئی ہے جسکے باعث ترقیاتی کاموں میں بہتری اور پائیداری نظر آرہی ہے عوام بھی مطمئن نظر آتے ہیں اور انہیں امید ہے کہ اگر وزیراعلیٰ جام کمال خان کی قیادت میں موجودہ صوبائی حکومت اسطرح کام کرتی رہی تو نہ صرف بلوچستان بلکہ اسکے عوام کی قسمت بھی بدلنے والی ہے۔

بائیو کمسٹری/کاربوہائیڈریٹس

کاربوہائیڈریٹس Carbohydrates : بنیادی طور پر شکر Sugar اور نشاستہ دار Starch جسم

ڈاکٹر تصور حسین مرزا

کے ذریعہ توانائی کے ذرائع (کیلوری Calories) کے طور پر استعمال ہونے والے غذائی اجزاء کی ایک بہت اہم قسم ہے)۔ کاربوہائیڈریٹ کو کیمیائی طور پر کاربن، ہائیڈروجن اور آکسیجن کے غیر جانبدار مرکبات بھی کہتے ہیں۔ جبکہ فنکشنل گروپس آف کاربوہائیڈریٹس:۔ فنکشن کے حساب سے کاربوہائیڈریٹس کو دو بڑے گروپس میں تقسیم کیا جاتا ہے۔
کاربوہائیڈریٹس کے دو بڑے گروپس ہیں۔
اول:۔ ایل ڈی ہائیڈ گروپ Aldehyde Group۔ یہ فرسٹ کاربن ہے اس کو ایل ڈوز شوگر Aldoses (Aldose sugar) بھی کہتے ہے۔ دوئم کیٹو گروپ Keto group۔ یہ سیکنڈ کاربن ہے۔ کی ٹونک گروپ اس کو" کی ٹوسس گروپ یا کیٹوشوگر کہتے ہے۔
کلاسی فیکیشن Classification :۔ کاربوہائیڈریٹس کو سمجھنے کے لئے اور امتحان میں کامیابی کے لئے ہم چار گروپس میں تقسیم کرتے ہیں۔
اول:۔ مونوسیکرائیڈز Monosaccharides۔ ایک شوگر مالیکیول ہے جو مزید چھوٹے ہائیڈرولائیز میں تبدیل نہیں ہوسکتا۔ اس کو عام سادہ چینی بھی کہا جاتا ہے، چینی کی آسان ترین شکل اور کاربوہائیڈریٹ کی سب سے بنیادی اکائیاں ہیں۔ انہیں مزید آسان کیمیکل مرکبات میں ہائیڈرولائز hydrolyze نہیں کیا جاسکتا۔ عام فارمولا $C_nH_{2n}O_n$ ہے۔ وہ عام طور پر بے رنگ، پانی سے حلنشیل اور کرسٹل ٹھوس ہوتے ہیں اور انکی مثالیں ہیں گلوکوز Glucose گلوکوز یونانی زبان کا لفظ ہے جس کا مطلب "میٹھا" ہے۔ یہ چینی (جاری ہے)

سرفراز زندگی ہار گیا

مشہور ومقبول انڈین فلم "پی کے" کے ہیرو سرفراز جن کا اصلی نام سشانت سنگھ راجپوت تھانے کی خودکشی کر لی۔ مشہور ایکٹر سشانت سنگھ راجپوت کی خودکشی سے بالی وڈ سکتے میں آگئی۔ سشانت نے چھوٹے کیریئر میں زبردست کام کیا
مشہور فلم ایکٹر بے حد اسمارٹ ہنس مکھ سشانت سنگھ

کے انتقال کی خبر سے پورا بالی وڈ ہل گیا ہے ان کی لاش ممبئی میں باندرا کے ان کے فلیٹ میں جھولتی ہوئی ملی اس خودکشی سے بالی وڈ کے مشہور شخصیات سمیت ان کے مداح بھی حیران ہیں۔ سوشانت نے کئی سال تک بالی وڈ میں کام نہیں کیا لیکن ان کے پاس بہت سی یادیں ہیں جو ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ ان کا فلمی کیریئر شاید بہت بڑا نہ ہو، لیکن انہوں نے ایسی بہت سی فلمیں بھی کیں، جو ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی اور ہر کوئی اسے دیکھنا ہمیشہ پسند کرے گا۔
شدھ دیسی رومانس'
اس فلم میں، انہوں نے ایک رومانٹک لڑکے کا کردار ادا کیا تھا۔ فلم میں دو دونوں اداکار اوس وانی کپور اور پرنیتی چوپڑا کے ساتھ ایک ساتھ رومانس کرتے ہوئے دکھائے گئے تھے۔ فلم کو شائقین نے خوب پذیرائی دی اس فہرست میں پہلا نام 2013 میں آنے والی فلم' کاپو چی کا ہے۔
یہ سوشانت کی پہلی فلم بھی ہے، جس کے ساتھ ہی انہوں نے بالی وڈ میں قدم رکھا۔ سوشانت کی یہ فلم تین نوجوانوں کی زندگی پر مبنی تھی۔ اس میں، اس نے ایک لڑکے کا کردار ادا کیا جس کا کھیلوں میں رجحان ہے۔ اس فلم میں سوشانت کی اداکاری کو خوب سراہا گیا۔
کیدارناتھ'
سوشانت کو سارہ علی خان کے ساتھ سال 2018 میں فلم 'کیدارناتھ میں دیکھا گیا تھا۔ اس فلم میں سوشانت سنگھ کو ایک مسلم نوجوان منصور خان کے طور پر دیکھا گیا تھا۔ یہ فلم کیدارناتھ میں قدرتی آفات کو مرکز میں رکھ کر بنائی گئی ہے۔
"چھچھورے" نام سے اُنکی فلم جو نمائش کے لیے پیش کی گئی تھی
پچھلے سال ریلیز ہونے والی سوشانت سنگھ کی فلم چھچھورے، پانچ دوستوں کی کہانی پر مبنی ہے۔ اس فلم میں سوشانت کے ساتھ اداکارہ شردھا کپور نے مرکزی کردار ادا کیا تھا

سشانت سنگھ راجپوت عزت، شہرت، دولت، بظاہر اس شخص کے پاس کس چیز کی کمی تھی؟
سشانت سنگھ راجپوت کی خودکشی سے پورا بالی وڈ سکتے میں ہیں اور بالی وڈ ہی نہیں پوری دنیا حیران ہے کہ آخر ایسا کیا ہوا جو اس ہنس مکھ اسمارٹ سے کامیاب ایکٹر نے خودکشی کر لی۔ اس وقت مختلف تاثرات سوشل میڈیا پر آرہے ہیں۔ لوگ اس سال کو ہی منحوس ٹھیرا رہے ہیں۔ کچھ کا ماننا ہے کہ کورونا کی وجہ سے لوگوں میں ڈپریشن بڑھ رہا ہے اور کچھ لوگ ابھی کچھ عرصے پہلے سشانت کی مینیجر کی بلڈنگ سے کود کر خودکشی کی بات بھی کر رہے ہیں۔ ہم مختلف لوگوں کے تاثرات پیش کر رہے ہیں جس میں اس وقت عمران فنی کا تاثر پیش خدمت ہے۔ اس کے بعد اور بھی لوگوں کے تاثرات آپ تک پہنچانے کی کوشش کریں گے
دیکھو مجھے جو دیدۂ عبرت نگاہ ہو
سشانت سنگھ راجپوت عزت، شہرت، دولت، بظاہر اس شخص کے پاس کس چیز کی کمی تھی؟ آخر ایسا کیا ہوا کہ اس شخص کو خودکشی کا فیصلہ کرنا پڑا؟ یقیناً عدم اطمینان کی کوئی تو وجہ رہی ہوگی کہ عزت، شہرت، دولت، گلیمر کی حسین دنیا سب کچھ چھوڑ کر اسے خود کو ہلاک کرنا پڑا۔ یہ کوئی انوکھا معاملہ نہیں ہے۔ اس سے پہلے بھی مختلف بڑی شخصیات نے خودکشی کر کے دنیا کو حیرت میں ڈالنے کا کام کیا ہے۔ ایک۔ تازہ۔ رحمن تحقیق کے مطابق صرف بیس سال کی مدت میں ڈیڑھ سو سے زائد بڑی شخصیتوں کی خودکشی کے واقعات آپ کے سامنے ہوں گے۔
دنیا عزت، شہرت اور دولت کے پیچھے بھاگتی ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ انسان کا سب سے بڑا سرمایہ "سکون دل" ہے۔ اگر آپ کے پاس یہ دولت نہیں تو دنیا کی ساری دولت بے معنی ہوجاتی ہے۔

بجٹ اور عوام

حکومت بلوچستان کی جانب سے بجٹ پیش کیئے جانے کے بعد مقامی یا صوبائی رہنماؤں نے عجیب سا طریقہ اپنایا ہے۔۔۔

حیدر موسیانی

ہر ممبر اپنے نام کے ساتھ سینکڑوں منصوبے جوڑ کر عوام پر احسان جتلانے کی کوشش کرتا ہے کہ میں نے یا میری جماعت نے عوام کی ترقی کیلئے اسمال اتنی اتنی رقم بزور بازو حکومت سے منظور کروائی ہے۔۔۔
یہ بات روز روشن کی طرح عیاں ہے کہ انہی جماعتوں کے عدم دلچسپی کی وجہ سے کوئٹہ کراچی دو رویہ سڑک کا منصوبہ معطل کر دیا گیا اور موٹر وے پولیس کی تعیناتی بھی رہ گئی۔۔۔
گیس پلانٹ کی تصیب کے خواب دکھانے والے آج پیٹ کا روزہ رکھے ہوئے ہیں۔۔۔
اصل حقائق سب کے سامنے آگئے کہ اب کی بار دو رویہ سڑک کیلئے رقم رکھی ہی نہیں گئی ہے۔۔۔
عوام کو سبز باغ دکھانے والے کیا منہ لیکر عوام کے سامنے جائینگے۔۔۔
کچھ ماہ قبل خضدار میں سیاسی جماعتوں کے کارکن گیس پلانٹ والی گاڑی اپنے سر پر سجانے کیلئے سامنے والی جماعت کے کارکن کا سرتن سے الگ کرنے پر تلے ہوئے تھے۔۔۔
اُنکے بھی جذبات ٹھنڈے پڑ گئے۔۔۔
اب دوبارہ یہ ہمارا وہ ہمارا کے دعوے گونجنے شروع ہوگئے ہیں،
ایک ایک منصوبے (ٹرانسفارمر، چار چھ کھمبے سولر واٹر سپلائی، پکی سڑک وغیرہ) کو لیکر چار چار لوگ اپنا حق جتاتے ہیں، عوام پریشان ہے کہ
ایک بار سوچیار
اللہ تعالیٰ اپنا کرم فرمائے۔۔۔
سیاسی جماعتوں کے کھوکھلے دعووں سے غریب عوام کا پیٹ نہیں بھریگا۔۔۔ اس بیچاری عوام کو چونا لگا کر پہلے کی طرح سبز باغ دکھا کر اپنے ووٹ کیلئے راہ ہموار کرینگے۔۔۔
چند کھمبے، شمسی مسائل کا حل نہیں، بنیادی ضروریات میں صحت، تعلیم دیگر جدید ٹیکنالوجی کو اہمیت دیا جانا لازمی ہے۔۔۔
ہمارے نمائندوں کو چاہیئے کہ دیہی علاقوں کی تعلیم، صحت اور بنیادی تمام سہولیات پر خصوصی توجہ دیں۔۔۔
جہاں جہاں سرکاری ملازمین ہیں، اُن کو پورے چھ دن اپنی ڈیوٹی سرانجام دینے کی تاکید کریں، اور جہاں تک ممکن ہو اُنکی رہائش اور دیگر ضروریات کیلئے مقامی لوگوں کو بھی تاکید کریں۔۔۔
جب تک سیاسی نمائندے عوام کی حالات سے باخبر نہیں ہونگے، علاقائی ترقی مشکل ہی نہیں ناممکن ہے۔۔۔

بلوچ خواتین کی آزمائشیں

بلوچ قوم میں خواتین کا بہت بہت احترام کیا جاتا ہے۔ قتل جیسے سنگین معاملات جب خطرناک صورت اختیار کرتے ہیں تو ایسی صورت میں آخری آپشن کے طور پر عورت ذات کو استعمال کیا جاتا ہے۔ بلوچی

خواب اور خیال/آغا نیاز مگسی

میں خواتین کے بارے میں ایک محاورہ مشہور ہے کہ "ایک عورت 7 قرآن کی جگہ پر ہے" جس کا مطلب یہ ہے کہ ایک عورت کو عزت اور احترام کے لحاظ سے 7 قرآن مجید کے برابر عزت دی جاتی ہے۔ اس لیئے جب کوئی بھی بڑا مسئلہ سنگین صورت اختیار کر جائے جس سے خونریزی اور تباہی کا خدشہ ہو تو ایسی صورت حال میں ایک فریق اپنی خواتین کو مخالف فریق کے پاس میڑ لے جاتا ہے۔ تو مخالف فریق عورت کو مان دے کر صلح پر آمادہ ہوجاتا ہے اور اس طرح مزید خونریزی کا سلسلہ رک جاتا ہے۔ اتنے احترام کے باوجود بلوچ قوم میں ایک فرسودہ اور قبیح رسم خواتین کی پاک دامنی کا امتحان لینا ہے گو کہ یہ رسم ابھی کافی حد تک کم ہوچکی ہے مگر پھر بعض دیہی علاقوں میں یہ رسم اب بھی چلی آرہی ہے۔ اس رسم کے تحت شادی کی رات یعنی سہاگ رات کو دلہن کی پاک دامنی کا امتحان لیا جاتا ہے جس کے لئے اس کے پاس سفید کپڑے کا ایک ٹکڑا رکھا جاتا ہے۔ نکاح کے بعد جب دلہا اور دلہن ایک ساتھ ہوتے ہیں صبح بیدار ہونے کے بعد دلہا اور اس کے والدین اس کپڑے کو چیک کرتے ہیں اگر کپڑا خون آلود ہوتا ہے تو موقع پر موجود تمام افراد میں خوشی کی لہر دوڑ جاتی ہے اگر کپڑا خون آلود نہیں ہوتا تو دلہن کو بدکار اور بدچلن قرار دے کر قتل کیا جاتا ہے بعض اوقات ایسا بھی ہوتا ہے کہ دلہن کو قتل کرنے سے پہلے تشدد کا نشانہ بنا کر اس سے یہ معلوم کرنے کی کوشش کی جاتی ہے کہ شادی سے قبل اس کے کس کے ساتھ ناجائز تعلقات رہے ہیں حقیقت میں ایسا کچھ ہو یا نہ ہو لیکن تشدد سے مجبور ہو کر دلہن کسی غیر مرد کے ساتھ تعلقات کا اقرار کرتی ہے جس کے بعد دلہن کو قتل کرنے سے پہلے اس ملزم مرد کو جا کر قتل کیا جاتا ہے اس کے بعد دلہن کو موت کے گھاٹ اتار دیا جاتا ہے۔ یہ ایک فرسودہ اور ظالمانہ رسم ہے جس کے تحت بے گناہ اور معصوم لڑکیاں اپنی سہاگ رات کو قتل ہوجاتی ہیں اور بہت سے بے گناہ مرد بھی قتل کر دیئے جاتے ہیں۔ پاک دامنی کی اس آزمائش کی نہ مذہب میں اور نہ ہی میڈیکل سائنس میں کوئی گنجائش ہے بعض اوقات تو دلہا اپنی "کمزوری" کو چھپانے اور شرمندگی سے بچنے کی غرض سے بھی اپنی معصوم اور بے گناہ دلہن کو اس رسم کی آڑ میں قتل کر دیتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ سہاگ رات کو دلہن کے مخصوص سفید کپڑے کا "خون آلود" ہونا ضروری نہیں ہے۔
اس کی دیگر وجوہات بھی ہوسکتی ہیں جن میں زیادہ وزن اٹھانا یا کسی موقع پر کھیل کود دوران زیادہ دوڑ لگانا اور چھلانگ لگانا وغیرہ شامل ہیں۔ ایک روایت ہے کہ بلوچ قوم کے 2 مشہور رہنما سردار چاکر خان رند اور سردار گہرام خان لاشاری کے درمیان ایک جتنی عورت کی پناہ لینے کے مسئلے پر 30 سالہ طویل ترین خونریز جنگ لڑی جاری تھی تو اس دوران اس جنگ میں ایک افسوسناک واقعہ پیش آیا کہ آج تک حساس لوگ اس واقعے کو یاد کر کے اشکوں سے اپنی آنکھیں بھگو لیتے ہیں۔
سردار چاکر رند کی 2 بیگمات کی اور سدو نے اپنی اپنی گردنوں میں آٹے کی چکی کے 2 پاٹ جو پتھر کے بنے ہوئے تھے، ڈال دیئے اور لڑائی کے موقع پر ڈھول بجانے والے میراثیوں سے کہا کہ اگر خدانخواستہ جنگ میں ہمارے لشکر کو شکست ہوجائے تو اس وقت شمسین دھن بجائی جائے جس سے ہم سمجھ جائیں گے اور ہم لوگ خودکشی کر لیں گے تاکہ دشمن کے قبضے میں جانے سے بچ جائیں اور اگر فتح ہوجائے تو خوشی کی دھن بجائی جائے تاکہ ہم ان بھاری پتھروں کو پھینک دیں (جاری ہے)

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر پر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

مودی دباؤ میں ہیں۔ شاہ محمود قریشی

1970ء کے عام انتخابات کے دوران پیپلز پارٹی کے ترجمان اخبار نے صفحہ اول پر ایک تصویر شائع کر کے تہلکہ مچا دیا یہ تصویر فلم "انورا" میں اداکارہ نغمہ کی تھی جو ایک مشہور گانے ۔۔ سن وے بلوری اکھ والیا

پرڈانس کر رہی تھی اخبار نے کمال مہارت سے اداکارہ نغمہ کے چہرے پر مولانا مودودیؒ کا چہرہ چسپاں کر دیا اس وقت آج کے دور کی طرح ٹیکنالوجی کا دور دورہ نہیں تھا اخبار نے ایک ممتاز عالم دین کے ساتھ جو سلوک کیا وہ تو قابل مذمت ہے لیکن لوگوں نے مزہ بہت لیا جیالے جہاں کہیں جماعت اسلامی کے کارکنوں یا مولوی حضرات کو دیکھتے سن وے بلوری اکھ والیا کی پھبتی کستے اور نو دو گیارہ ہوجاتے پاکستان کی تاریخ میں یہ پہلی فلیک تصویر تھی جو بہت مقبول ہوئی اب تو کمپیوٹر کا دور ہے سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی بیشتر پوسٹوں کے متعلق کہا جاتا ہے کہ وہ فیک ہوتی ہیں اس جعلسازی نے معاشرے میں بہت سے مسائل پیدا کر کے رکھ دیئے ہیں آسان الفاظ میں اسے ٹیکنالوجی کا عذاب بھی کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا حالانکہ ہر انسان دوسرے سے مختلف ہے۔ جو میں ہوں، وہ آپ نہیں ہوسکتے، لیکن ڈیپ فیک سے تصویر، آواز اور وڈیو میں ردوبدل کر کے "میں اور" آپ کی تمیز ختم کر دی جاتی ہے۔ خیال آتا ہے کہ یہ کام صرف ماہرین کرتے ہوں گے۔ جی نہیں، اب زیادہ مہارت کی ضرورت بھی نہیں رہی۔ ڈیپ فیک وڈیوز بنانے کے لئے کمپیوٹر اور انٹرنیٹ تک رسائی ہی کافی

شال بقیہ 1

کو ٹھہرانے کیلئے پناہ گاہیں بنائی جائیں گی، ہم احساس پروگرام میں استعمال ہونے والی رقم کی مکمل تفصیلات شائع کریں گے، پارلیمنٹیرینز اور وزرا سے کہتا ہوں پناہ گاہوں میں جائیں اور لوگوں کیساتھ کھانا کھائیں اور حال پوچھیں، پناہ گاہوں میں اضافہ کریں گے۔ پیر کو سماجی تحفظ کے پروگرام احساس اور وزیراعظم کوڈ ریلیف فنڈ کے حوالے سے منعقدہ بریفنگ میں گفتگو کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان میں 30 سال سے پیسہ اکٹھا کرنے والے فنڈ ریزر کے طور میں یہ کہتا ہوں کہ پاکستان قوم میں عطیہ کرنے کے حوالے سے جو جذبہ پایا جاتا ہے اسے کوئی بھی اس طرح نہیں سمجھتا جس طرح میں سمجھتا ہوں۔ انہوں نے بتایا کہ جب میں نے (شوکت خانم کیلئے) عطیات جمع کرنا شروع کیے تو یہ میرے لیے بھی ایک عجیب تجربہ تھا کیوں کہ میں پاکستان کے سب سے مہنگے اسکول میں یہ سوچ کر گیا کہ وہاں لوگوں سے عطیات اکٹھے کرلوں گا لیکن آخر میں مجھے عطیات عام لوگوں نے ہی دیے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری قوم میں عطیات دینے کا جذبہ اس لیے زیادہ ہے کہ ان کا اللہ تعالیٰ اور آخرت پر ایمان ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ وزیراعظم کوڈ ریلیف فنڈ کے ساڑھے 4 ارب روپے میں 50 فیصد چھوٹے عطیات ہیں جو عام لوگوں نے دیے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں 30 سال میں کسی نے اتنا پیسہ اکٹھا نہیں کیا جتنا میں نے کیا اور میرے مشاہدے میں یہ بات بھی آئی کہ پیسہ وہ افراد دیتے ہیں جن کا اللہ اور آخرت پر ایمان ہوتا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ملک میں کینسر کے علاج کے لیے شوکت خانم بنایا گیا جہاں امیر بیرون ملک جائے بغیر اور غریب مفت میں کینسر کا علاج کروا سکیں اور پوری دنیا میں کہیں بھی اس طرح کا کوئی تجربہ کامیاب نہیں ہوا۔ ان کا کہنا تھا کہ لوگ اس حقیقت کو تسلیم نہیں کرتے کہ یہ ایک معجزہ ہے کہ کینسر ہسپتال میں کہ جہاں سب سے مہنگا علاج ہے وہاں 75 مریضوں کا ہر سال مفت علاج ہوتا ہے جسے ترقی یافتہ ممالک کے بھی ہسپتال برداشت نہیں کرسکتے۔ انہوں نے کہا کہ اس کی وجہ یہ ہے کہ کینسر ہسپتال پاکستانیوں نے ہی بنایا اور وہ ہی اسے چلا رہے ہیں اور 70 کروڑ روپے میں تعمیر ہونے والے ہسپتال کا خسارہ 12 ارب روپے ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک دفعہ لوگوں کو یہ اعتماد ہوجائے کہ جو عطیات ہم دے رہے ہیں وہ کرپشن کی نذر ہونے کے بجائے درست طریقے سے استعمال ہو رہے تو یہ قوم جتنے کھلے دل سے خیرات دیتی ہے اس طرح شاید ہی دنیا میں کوئی قوم دیتی ہو۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان کو دنیا کے ان ممالک میں شامل کیا جاتا ہے جہاں سب سے زیادہ عطیات دیے جاتے ہیں۔

شال بقیہ 2

خدشات کی بنسبت کم ہیں، پاکستان میں کورونا کے باعث 5.2 فیصد مریضوں کی حالت تشویش ناک ہے جب کہ ملک میں کورونا سے مکمل ریکوری ریٹ 40 فیصد ہے۔ معاون خصوصی ڈاکٹر ظفر مرزا نے کہا کہ پاکستان میں کورونا سے متاثر ہیلتھ ورکرز کی شرح 3 فیصد ہے جب کہ کورونا وائرس کے باعث 43 ہیلتھ ورکرز وفات پا چکے ہیں، ہیلتھ ورکرز کی کیسے مدد کرنی ہے اس کے لیے کام ہو رہا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ عید کے بعد کورونا وائرس کی ایک لہر آئی تھی، اب ایس او پیز پر سختی سے عمل درآمد شروع ہو چکا ہے، پاکستان کے معاشی حالات کے باعث مکمل لاک ڈاؤن ممکن نہیں ہے، 1300 سے زائد ہاٹ اسپاٹ کی نشاندہی کر کے صوبوں کو بتا دیا گیا ہے۔ ظفر مرزا نے کہا کہ گزشتہ حکومتوں نے سب سے کم توجہ تعلیم اور صحت کے شعبے کو دی، ملک میں صحت کا انفرا اسٹرکچر بھی درست نہیں، جو ہمیں معلوم ہوا کہ صوبوں نے صحت بجٹ پورا استعمال ہی نہیں کیا۔ معاون خصوصی ظفر مرزا نے کہا کہ سب سے کم صحت کا بجٹ بلوچستان نے استعمال کیا، نجی ہسپتالوں کو پابند کیا گیا ہے کہ وہ فروری کے ریٹ پر چارج کریں۔ ظفر مرزا کا کورونا وائرس کے علاج کیلئے استعمال ہونے والی ادویات کے حوالے سے کہنا تھا کہ ریمڈیسویر اور ڈیکسامیتھاسون ادویات بنانے کی منظوری دی ہے، افسوس ہے کہ ڈیکسامیتھاسون کو مارکیٹ سے غائب کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ادویات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا، مارکیٹ میں ریمڈیسویر انجیکشن کی دستیابی یقینی بنانے کیلئے 3 امپورٹرز کو درآمد کی اجازت دی گئی ہے۔

شال بقیہ 3

یقینی بنایا جائے تاکہ ان فیصلوں کے مثبت نتائج سامنے آسکیں، اجلاس میں کوئٹہ شہر میں وائرس کے پھیلاؤ کے رجحان میں اضافہ پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے عوام الناس سے ایک مرتبہ پھر اپیل کی گئی کہ وہ ماسک کے استعمال سمیت دیگر تمام احتیاطی تدابیر پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں، اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ عوام کے مفاد میں وائرس کے پھیلاؤ کی روک تھام کے لئے سخت اقدامات سے بھی گریز نہیں کیا جائے گا، اس ضمن میں چند اہم فیصلے بھی کئے گئے اور متعلقہ اداروں کو ان پر عملدرآمد کی ہدایت کی گئی، اجلاس میں پی ڈی ایم کی جانب سے کورونا وائرس سے متاثرہ ایسے افراد جو اپنے گھروں میں آئسولیٹ ہیں اور غذائی نظام کی مضبوطی کے لئے متوازن غذا استعمال کرنے کی قابل نہیں کے لئے غذائیت پروگرام کے تحت فوڈ بیگ کی فراہمی کا جائزہ بھی لیا گیا، اجلاس کو آگاہ کیا گیا کہ جلد پروگرام پر عملدرآمد کا آغاز کر دیا جائے گا اور ایسے افراد کو پی ڈی ایم اے کنٹرول روم سے رابطہ کر کے اپنے کوائف کی فراہمی پر پروگرام میں شامل کیا جائے گا۔

شال بقیہ 4

کی دو بیج کے کمی کو دور کرنے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات اٹھائے جائیں انہوں نے کہا کہ کئی ہفتوں سے بجلی غائب ہیں واپڈا کے اعلیٰ حکام سے بار بار احتجاج اور شکایت درج کرائی جاتی ہیں تو کوئی شنوائی نہیں ہوتی واپڈا کے اعلیٰ حکام فون اٹھانے تک زحمت گوارہ نہیں کرتے۔

شال بقیہ 5

ایک مبینی تشکیل دے دی ہے موجودہ صورت حال میں صوبائی حکومت نے ایک اچھا بجٹ پیش کیا ہے، جس میں تمام حلقوں اور تمام شعبوں سے متعلق اسکیمات شامل کی گئی ہیں۔ یہ بات انہوں نے پیر کو سول سیکرٹریٹ میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی، انہوں نے کہا کہ عالمی وبا کورونا وائرس سے پوری دنیا کی طرح بلوچستان بھی لڑ رہی ہے، صوبے میں اسمارٹ لاک ڈاؤن کا سلسلہ جاری ہے، عوام سے گزارش ہے ایس او پیز پر عمل کریں اور ماسک کا استعمال کریں، انہوں نے کہا کہ اچھی بات یہ ہے کہ صوبے میں کورونا سے متاثرہ افراد کی صحتیابی کی شرح میں اضافہ ہوا ہے، 36 فیصد سے بڑھ کر 38 فیصد ہوگیا ہے کوئٹہ میں بھی کورونا وائرس کے کیسز کی تعداد 84 فیصد سے کم ہو کر 78 فیصد ہوگیا ہے، انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں اب تک 102 افراد کی موت واقعہ ہوئی ہے، ان میں زیادہ عمر کے افراد کی شرح 40 فیصد ہے، ترجمان لیاقت شاہوانی نے کہا کہ موجودہ

صورت حال میں بجٹ میں صحت کے شعبے کو ترجیح دی ہے، بجٹ میں کورونا کے لیے 8 ارب روپے بھی رکھے گئے ہیں، صوبے کی تاریخ میں پہلی بار ایئر ایمبولینس کی خریداری کریں گے۔

شال بقیہ 6

روزگار کے مواقع پیدا ہونگے اور ترقی کا نیا سفر شروع ہوگا انہوں نے کہا کہ کورونا وائرس سے ترقی کے عمل کو ضرور نقصان پہنچا لیکن یہ عارضی ہے ہم ہر مشکل حالات سے نکلنے کی ہمیں اللہ تعالیٰ نے بھرپور صلاحیت دی ہے تو میں مشکلات کا جوانمردی اور صبر و استقامت کے ساتھ مقابلہ کرتے ہیں علاقے میں بلا امتیاز عوام کی خدمت پر یقین رکھتا ہوں عوام میں نفرت تعصب علاقائیت اور زنی وڈیرہ کی سیاست کا قائل نہیں ہوں ہمیشہ مخلوق خدا کی خدمت کو ترجیح دی ہے انہوں نے کہا کہ شہر میں عوام کو گھر گھر صاف پانی کی فراہمی کا جو وعدہ الیکشن میں کیا تھا وہ پورا کر کے دیکھایا آج ہر محلے کے گھروں وشہر میں بلا ناغہ پانی جیسی بنیادی نعمت کو پہنچانے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی انہوں نے کہا کہ حلقے میں ماضی کے نمائندوں نے اجتماعی کام نہیں کیے جسکی وجہ سے عوام صاف پانی صحت تعلیم سڑکوں کے بنیادی سہولیات سے محروم رہے۔

شال بقیہ 7

اگر لیک اوور کرنا ہی ہے تو خیبر پختونخوا کے ہسپتال لیک اوور کریں، سندھ کو اپنا کام کرنے دے وفاق اپنا کام کرے، بلوچستان کے نوجوان کو دس سے پندرہ ہزار کی نوکری نہیں ملتی، کہیں ایسا نہ بلوچستان کے مسائل حل کرنے میں دیر ہوگئی پھر پچھتاوا کے سوا کچھ بھی نہیں ملے گا، حکومت نے مدینے کی ریاست کا نعرہ لگایا ہم خوش تھے اور تعاون کرنے کیلئے سوچ رہے تھے، مدینہ ریاست کا صرف نعرہ ہی تھا اور کچھ بھی نہیں، بلوچستان کو گذشتہ چونسٹھ سال کا حساب دیا جائے، سی پیک کے حوالے سے ایک پروجیکٹ بھی نہیں ہے وزرا راہ ایوان میں ان کی سنجیدگی دیکھ لیں، کیا موجودہ وزیراعظم نے اپنے منشور کے 34 نکات میں سے ایک پر بھی عمل کیا؟ جبکہ سینیٹر محمد ایوب آفریدی نے اپوزیشن کو جواب دیتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت نے بجٹ میں کوئی نیا ٹیکس لاگو نہیں کیا، اپوزیشن لیڈران کی تقریروں کی بجائے بجٹ پر خصوصی تجاویز دیں۔ پیر کو سینٹ کا اجلاس چیئرمین سینٹ کی زیر صدارت شروع ہوا جس میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیو ایم کے سینیٹر میاں عتیق نے کہا کہ حکومت کو آئی ٹی کے شعبے کی طرف توجہ دینا ہوگی، آئی ٹی کے شعبہ کو ترقی دینا ملکی معیشت بہتر ہوگی انہوں نے کہا کہ موجودہ صورتحال میں حکومت نے بہترین بجٹ پیش کیا، حکومت سے گذارش ہوگی کہ استعمال شدہ موبائل پر ڈیوٹی ختم کریں۔ انہوں نے کہا کہ بیرون ملک پاکستانی اگر جائیداد خریدنے کے لیے پیسے لائے تو اس کو ٹیکس چھوٹ ملنی چاہئے ہمیں معیشت کو بہتر کرنا ہے تو ڈکیومینٹائزیشن کی طرف جانا پڑے گا، موبائل بینکنگ عام کر کے عام آدمی کی مشکلات کم کی سکتی ہے، 100 ڈالر تک کے موبائل فون پر ڈیوٹی ختم کی جائے۔

شال بقیہ 8

ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر خزانہ کی زیر صدارت کمیٹی تشکیل دی گئی جو علاقے ترقی کیلئے فنڈز کی فراہمی یقینی بنائیگی۔ انہوں نے کہا کہ قبائلی علاقوں نے ملکی ترقی کیلئے اور دہشتگردی کے خلاف بہت قربانیاں دی ہیں۔ شبلی فراز نے کہا کہ کوشش ہے کہ آئندہ مالی سال میں ضم شدہ علاقوں کے ترقیاتی منصوبوں کا آغاز ہوجائے۔

شال بقیہ 9

کے حوالے سے اختیار کی جانے والی حکمت عملی کے حوالے سے جائزہ اجلاس ہوا جس میں وزیر اطلاعات سینیٹر شبلی فراز، وزیر داخلہ اعجاز احمد شاہ، وزیر برائے منصوبہ بندی اسد عمر، وزیر برائے اقتصادی امور مخدوم خسرو بختیار، وزیر برائے صنعت و پیداوار حماد اظہر، وزیر برائے نیشنل فوڈ سیکیورٹی سید فخر امام، معاون خصوصی برائے صحت ڈاکٹر ظفر مرزا، معاون خصوصی برائے اطلاعات لیفٹیننٹ جنرل (ر) عامر سلیم باجوہ، معاون خصوصی ڈاکٹر شہباز گل، معاون خصوصی ڈاکٹر معید یوسف، ڈوکل پرسن برائے کوویڈ ڈاکٹر فیصل سلطان، چیئرمین این ڈی ایم اے لیفٹیننٹ جنرل محمد افضل و دیگر سینئر افسران شریک ہوئے۔ اجلاس میں کورونا کی صورتحال، ملک بھر کے ہسپتالوں میں آکسیجن بیڈز کی تعداد میں اضافے کی صورتحال، آکسیجن کی طلب اور سپلائی، ملک کے بڑے شہروں کے متاثرہ علاقوں میں سمارٹ لاک ڈاؤن کے نفاذ اور عیدالضحیٰ کے حوالے سے تیار کیے جانے والے ایس او پیز کے حوالے سے معاملات پر تفصیلی غور کیا گیا۔ وزیراعظم کو چاروں صوبوں، آزاد جموں وکشمیر اور گلگت بلتستان کے ہسپتالوں میں کوویڈ کے لئے مخصوص بیڈز کی تعداد میں اضافے کے لئے کی جانے والی کوششوں اور اب تک کی پیش رفت پر بریفنگ دی گئی۔

شال بقیہ 10

2019 کے غیر قانونی اور یک طرفہ اقدامات کو کالعدم دینے کا مطالبہ کرے۔ وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی نے او آئی سی کے جموں وکشمیر پر رابطہ گروپ کے ہنگامی ورچوئل اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ میں یہ اہم اجلاس منعقد کرنے پر سیکرٹری جنرل (او آئی سی) کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ سعودی عرب، ترکی، آذربائیجان، تاجکستان سے معزز وزراء کرام کا بھی اس اجلاس میں رونق افروز ہونے پر شکر گزار ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ورچوئل اجلاس بھارت کے زیر قبضہ جموں وکشمیر میں انسانی حقوق اور وہاں بسنے والے انسانوں کی انتہائی مخدوش تر ہوتی صورتحال سامنے لانے اور اس کے حل کی حکمت عملی مرتب کرنے میں مددگار ثابت ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ رابطہ گروپ کا آخری اجلاس نیویارک میں 25 ستمبر 2019 میں منعقد ہوا تھا۔ اس وقت سے اب تک صورتحال مزید گھمبیر ہوچکی ہے۔ انسانی حقوق کی پامالی کا سلسلہ منظم انداز سے جاری ہے جبکہ مخطے کے امن وسلامتی کے لئے لاحق خطرات میں اضافہ ہوچکا ہے۔ بھارت کی موجودہ قیادت جموں وکشمیر پر اپنا غاصبانہ اور غیر قانونی قبضہ برقرار رکھنے پر تلی ہوئی ہے۔ "آر۔ ایس۔ ایس، بی۔ جے۔ پی" کا مشترکہ "ہندتوا" کا ایجنڈا دانستہ نہتے کشمیریوں کو نشانہ بنا رہا ہے اور اس مقصد کیلئے ناقابل بیان حد تک پرتشدد حربے استعمال کئے جارہے ہیں تاکہ کشمیریوں کے عزم وہمت کو متزلزل کیا جاسکے۔ اپنے بنیادی حقوق خاص طور پر اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل اور او آئی سی کی قراردادوں میں درج حق خودارادیت کے حصول کی جدوجہد کرنے والے کشمیریوں کے خلاف طاقت کا بہیمانہ استعمال جاری ہے۔

شال بقیہ 11

گا، حکومت نے جھوٹے وعدے اور خواب دکھا کر سیاسی فراڈ کیا گیا دس ہزار ارب روپے قرض لے کر ہر پاکستانی کو مقروض کر دیا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گذشتہ روز اپنے حلقے میں کارکنوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ آئی ایم

ایف کی چھتری کے نیچے بننے والے اس بجٹ میں غریب اور محنت کش اور چھوٹے کاشتکاروں کے لئے کچھ بھی نہیں، سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ نہ ہونے اور ہوشربا مہنگائی کی وجہ سے پریشان اور سراپا احتجاج ہیں، تعلیم کا بیڑا غرق کر دیا گیا ہے، تعلیم کے لئے کوئی میجر پالیسی نہیں جن بچوں کو سکول میں ہونا تھا وہ حکومتی غریب کش پالیسیوں کی وجہ سے سڑکوں پر بھیک مانگنے اور ہوٹلوں پر برتن دھونے پر مجبور ہیں، ملک کی معیشت دیوالیہ کی طرف بڑھ رہی ہے اگر اس حتمی کو نہ روکا تو ایک یا دو سال بعد ہمیں بہت نقصان اٹھانا پڑے گا نالائق اور نااہل حکمران ٹولے کی کارکردگی اب کسی سے ڈھکی چھپی نہیں۔ انہوں نے کہا کہ معاشی بحران سر چڑھ کر بولنے لگا ہے رہی سہی کسر کورونا وائرس نے نکال دی ہے۔

شال بقیہ 12

اتفاق رائے سے قرارداد پیش کی جس کی تمام پارلیمانی جماعتوں نے حمایت کی۔ قومی اسمبلی میں بجٹ پر خطاب کے دوران مسلم لیگ ن کے رکن نورالحسن تنویر نے ایک قرارداد کا مسودہ وزیر مملکت علی محمد خان کے حوالے کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ ایوان جہاں جہاں نبی آخر الزمان کا نام آتا ہے اس کے ساتھ خاتم النبیین کا لفظ لازمی لکھا جائے، وزیر مملکت علی محمد خان نے متفقہ قرارداد ایوان میں پیش کی جس میں کہا گیا کہ تمام درسی کتابوں اور تعلیمی اداروں میں جہاں جہاں محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نام مبارک آتا ہے اس کے ساتھ لفظ خاتم النبیین لکھنا، پڑھنا اور بولنا لازمی ہوگا۔

شال بقیہ 13

ہے اگر وہ اس ذمہ داری کو ادا نہیں کر سکتے تو حکمرانی کا حق نہیں رکھتے۔ کورونا لاک ڈاؤن، ٹڈی دل، بارڈر بندش نے بلوچستان کے عوام کی معیشت تجارت اور زراعت کو تباہ کر دیا ہے مگر حکمران اب بھی خواب غفلت کا شکار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی دارالحکومت کے منتخب نمائندے اور حکومت نے عوام کو ان کے حال پر چھوڑ دیا ہے شہر میں پانی کی قلت کی وجہ سے ٹینکر مافیا کا راج ہے جس کی وجہ سے عوام کی پریشانی میں اضافہ ہو رہا ہے منتخب نمائندے صرف دعوے وبے بنیاد اعلانات کرتے ہیں جبکہ عوام کے اصل مسائل سے روگردانی ہو رہی ہے شہر میں گلیاں سڑکیں اور نالیاں جوں کے توں ہیں اور اگر کہیں کوئی ترقیاتی کام ہو رہا ہے تو اس کا کوئی معیار نہیں لگتا ہے کہ اب ٹھیکیداروں کو نوازنے اور کرپشن کے دوام دینے کیلئے ترقیاتی کام صرف ایک دو ماہ کیلئے کیے جارہے ہیں سڑکوں کا منہ کالا کیا جارہا ہے اور نالیاں وگلیاں بنانے دو ماہ بعد بہت جلد خراب ہو کر کنڈے بن جاتے ہیں جو لوحظ فکریہ ہے منتخب نمائندوں کو عوام کے بجائے پارٹی جیالہ ٹھیکیدار کی فکر ہوتی ہے تاکہ ٹھیکیدار خوش ہوجائے۔ حکومت شہر کی تعمیر وترقی پر خاص توجہ دیں اور معیاری ترقیاتی کام ترجیح ہو تاکہ کرپشن میں کمی آسکیں۔ کورونا لاک ڈاؤن نے بلوچستان کے غریب وکمزور افراد کو بہت زیادہ نقصان پہنچایا ہے روزگار ختم اور کاروبار بندش کی وجہ سے مالی مشکلات میں اضافہ ہوا ہے۔ حکومت مہنگائی کنٹرول کرتے ہوئے غریب عوام کو خصوصی ریلیف دیں تاکہ ان کے گھروں کے چولے بجھنے سے بچ جائے جماعت اسلامی عوامی مشکلات کو ہر فورم پر اجاگر اور ان کے حل کیلئے کوشش کرتی رہے گی۔

شال بقیہ 14

ڈکیتی، اقدام قتل، قتب زنی دیگر مقدمات میں ملوث مجرمان کی گرفتاری کے لیے متعلقہ ایس ایس پیز کی نگرانی میں خصوصی ٹیمیں تشکیل دی گئی۔ اس دوران 47 اشتہاری مجرمان، 578 مفروروں کی گرفتاری عمل میں لائی گئی اس کے علاوہ دیگر مقدمات میں مطلوب 202 ملزمان کی گرفتاری بھی عمل میں لائی گئی ہے۔ جبکہ اس دوران 06 گاڑیاں اور 23 موٹر سائکل بھی برآمد کیا غیر قانونی رکھا جائز اسلحہ کے 99 مقدمات درج رجسٹر ہوئے جس میں 06 کلاشنکوف، 75 پسٹل، 20 رائفل اور 468 کارتوس اور 90 میگزین برآمد کر کے 98 مجرمان کو گرفتار کیے گئے ہیں عوامی شکایات پر منشیات فروشوں اور سماج دشمن عناصر کے خلاف مختلف کارروائیوں کے دوران 889 کلو چرس، 602 گرام ہیروئن، 513 گرام افیون، 392 بوتل شراب برآمد کر کے 51 افراد کے خلاف مقدمات درج کیے مختلف علاقوں میں لگائے گئے ناکہ جات کی چیکنگ کے دوران غیر قانونی سامان سمگلنگ کرتے ہوئے قبضے میں لیے جن میں پان پراگ 300 پیکٹس، گٹکا 270 پیکٹس اور چالیہ 14450 گرام برآمد کیا گیا۔ انہوں نے کہ کہا آئی جی پولیس بلوچستان محسن حسن بٹ کی ہدایت پر سنٹرل پولیس آفس کی جانب سے بجھوائے ماسک اور دستانے وغیرہ اہلکاروں اور آفس اسٹاف کو دیے گئے۔

شال بقیہ 15

آرمی چیف نے 49 نیول اسٹاف کورس کے شرکا اور فیکلٹی ممبران سے خطاب کیا۔ وار کالج آمد پر کمانڈنٹ ریئر ایڈمرل محمد زبیر شفیق نے آرمی چیف کا استقبال کیا۔ آرمی چیف کا کہنا تھا کہ نیول وار کالج پاک بحریہ کا گراں قدر ادارہ ہے، کالج میں مسلح افواج اور دوست ممالک کے افسران کو ٹریننگ دی جاتی ہے۔ پاک بحریہ کی تاریخ جرات، بہادری اور قربانیوں سے بھری پڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب بھی دشمن کا سامنا ہوتا تو پاک بحریہ قوم کی توقعات پر پورا اترتی ہے۔ پاک بحریہ نے بحری سرحدوں کی حفاظت بھرپور انداز میں کی۔ آرمی چیف نے سیکورٹی چیلنجز، ہیبرڈ اسٹریٹیجک صورتحال پر اظہار خیال کیا۔

شال بقیہ 16

اور اپوزیشن جماعتوں کے ارکان کو نشستوں پر بیٹھنے کی ہدایت کی۔ قائد ایوان سینیٹ سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم نے وزیراعظم سے متعلق نازیبا الفاظ پر ہیرہ مندخان تنگی کو جواب دیتے ہوئے اور احتجاج کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم کا نام لے کر منشور کی بات کی گئی ایوان میں ایسا نہیں چلے گا۔ قائد ایوان سینیٹ نے کہا کہ روٹی، کپڑا اور مکان بھی ایک منشور دیا گیا تھا نسلیں تباہ ہوگئیں اسی لاڑکانہ میں وزیراعظم گئے اور 2 ارب 20 کروڑ روپے لاڑکانہ کے 1 لاکھ 25 ہزار خاندانوں میں تقسیم کئے۔ قائد ایوان سینیٹ نے اپنے احتجاج میں مزید کہا کہ وزیراعظم نے یہ پیسے وہاں تقسیم کئے جہاں ان کی دہائیوں سے حکومت ہے۔ کس نے منشور پر عمل کیا کس نے نہیں فیصلہ عوام کریں گے۔

شال بقیہ 17

سرگرمیوں کیلئے آج کھول دیا گیا باب دوستی پر ایکسپورٹ اور امپورٹ کے آج 250 گاڑیاں جا سکے گی پاکستان سے 200 اور افغانستان سے 50 گاڑیاں آئیں گی جبکہ باب دوستی پیدل آمدورفت کیلئے بدستور بند ہوگا سرحد کھولنے کے ساتھ ہی افغان فرانزٹ ٹریڈ کی ٹرک افغانستان میں داخل ہونا شروع ہوگئی جبکہ افغانستان سے مال بردار ٹرکیں اور سبزی جات کی گاڑیاں قانونی پروسیس کے ذریعے پاکستان آرہی ہیں۔

شال بقیہ 18

بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج سہ پہر چار بجے اسپیکر میر عبدالقدوس بزنجو کی صدارت میں منعقد ہوگا اجلاس میں آئندہ مالی سال کے پیش کردہ بجٹ پر بحث کا آغاز ہوگا۔ اسمبلی کا بجٹ اجلاس 29 جون تک جاری رہے گا۔

شال بقیہ 19

ماوند کے علاقہ بغارواڑ میں گزشتہ روز بیٹے نے گھر کی بکری فروخت کرنے کی اصرار کی تاہم ماں کے انکار پر انہوں نے چاکو اور تیز دھار سے حملہ کرتے ہوئے اپنے 65 سالہ بزرگ ماں کی ناک کاٹ لی ہے جنہیں زخمی حالت میں ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے واقعہ کی اطلاع ملتے ہی لیویز فورس نے بروقت پہنچتے ہیں ملزم کو گرفتار کر لیا ہے۔

شال بقیہ 20

میں مٹی کا تودہ گرنے سے عصمت اللہ نامی کا لڑکا جاں بحق ہوگیا پولیس نے لاش کو تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کیا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کردی گئی مزید کارروائی جاری ہے۔

شال بقیہ 21

کے مطابق نیب کراچی انور مجید کے لئے اسپتال میں ویڈیو لنک کا انتظام مکمل کرے، جسٹرار احتساب عدالت کراچی انور مجید کی ویڈیو لنک پر شناخت کی تصدیق کریں گے، حسین لوائی، طٰہٰ رضا اور محمد عمیر پر اڈیالہ جیل میں ویڈیو لنک پر فرد جرم عائد کی جائیگی، جو ملزمان جیل میں نہیں ہیں وہ 7 جولائی کو ذاتی حیثیت میں فرد جرم کے لئے پیش ہوں، پارک لین ریفرنس میں عدالت نے پہلے ہی فرد جرم کیلئے 26 جون کی تاریخ مقرر کر رکھی ہے۔ منی لانڈرنگ کیس میں انور مجید کی کراچی سے اسلام آباد عدم منتقلی فرد جرم میں رکاوٹ بنی ہوئی تھی۔

شال بقیہ 22

کرنے پر سخت احتجاج کیا۔ چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی نے وزیراعظم سے متعلق نازیبا الفاظ حذف کروا دیے۔ چیئرمین سینیٹ نے بار بار حکومتی اور اپوزیشن جماعتوں کے ارکان کو نشستوں پر بیٹھنے کی ہدایت کی۔ قائد ایوان سینیٹ سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم نے وزیراعظم سے متعلق نازیبا الفاظ پر ہیرہ مندخان تنگی کو جواب دیتے ہوئے اور احتجاج کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم کا نام لے کر منشور کی بات کی گئی ایوان میں ایسا نہیں چلے گا۔ قائد ایوان سینیٹ نے کہا کہ روٹی، کپڑا اور مکان بھی ایک منشور دیا گیا تھا نسلیں تباہ ہوگئیں اسی لاڑکانہ میں وزیراعظم گئے اور 2 ارب 20 کروڑ روپے لاڑکانہ کے 1 لاکھ 25 ہزار خاندانوں میں تقسیم کئے۔ قائد ایوان سینیٹ نے اپنے احتجاج میں مزید کہا کہ وزیراعظم نے یہ پیسے وہاں تقسیم کئے جہاں ان کی دہائیوں سے حکومت ہے۔ کس نے منشور پر عمل کیا کس نے نہیں فیصلہ عوام کریں گے۔

شال بقیہ 23

عزت کے دعوے میں ایک بار پھر التوا مانگنے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ نیب نیازی گٹھ جوڑ کو کورونا سے فرق نہیں پڑتا لیکن جب عمران صاحب کے عدالتوں میں پیش ہونے کی باری ہو تو کورونا کا بہانہ بنایا جاتا ہے۔ عمران صاحب عدالت سے بھاگ جانا آپ کا وطیرہ اور شناخت بن چکی ہے جتنی جرات سے شہباز شریف پر الزام لگایا تھا، اب اس کا ثبوت بھی اسی جرات سے دیں۔ 61 سماعتوں میں 34 مرتبہ التوا کے پیچھے آپ کا جھوٹ چھپ نہیں سکتا۔ بنک عزت کے مقدمے سے لے کر فارن فنڈنگ کیس تک ہر مقدمے میں آپ مفرور ہیں۔ عمران صاحب عدالتوں سے بھاگنے سے ثابت ہوگیا کہ آپ نے جھوٹ بولا اور آپ کے پاس کوئی ثبوت نہیں۔ عمران صاحب سیاسی، انتظامی، قانونی اور عوامی ہر سطح پر آپ ہار چکے ہیں۔

شال بقیہ 24

انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ طالب جوہری حافظ قرآن اور ایک نامور شاعر تھے ان کی وفات پر دکھ ہوا، ملک آج ایک جید عالم دین سے محروم ہو گیا ہے۔ اسپیکر و ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ علامہ طالب جوہری کی مذہبی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر نے مرحوم علامہ طالب جوہری کے درجات کی بلندی اور پسماندگان کے لیے صبر جمیل عطا فرمانے کی دعا کی۔

شال بقیہ 25

نے بتائیں۔ پیپلز پارٹی اسلام آباد کے صدر کی درخواست پر مقامی عدالت نے سنتھیا رچی کے خلاف مقدمہ درج کرنے کا حکم دیا تھا جسے امریکی شہری نے اسلام آباد ہائیکورٹ میں چیلنج کیا تھا۔ اسلام آباد ہائیکورٹ نے سنتھیا رچی کی درخواست پر سماعت کے بعد فیصلہ محفوظ کر لیا۔ سماعت کے بعد میڈیا سے گفتگو میں سنتھیا رچی نے کہا کہ میرے ساتھ 2011 میں جو کچھ ہوا اس متعلق امریکی سفارتخانے کے ذریعے آگاہ کر دیا تھا اور میں اب بھی امریکن سٹیزن سروسز کے ساتھ رابطے میں ہوں۔ انہوں نے کہا کہ جس شخص نے مجھ پر حملہ کیا وہ پی پی دور میں ملک کا طاقتور شخص تھا مگر پاکستانی حکام کو اس واقعے کے بارے میں بتانے کی کوئی وجہ سمجھ نہیں آتی تھی۔ اپنی ٹوئٹ پر ان کا کہنا تھا کہ بے نظیر سے متعلق باتیں مجھے اس وقت کے وزیر داخلہ رحمان ملک نے بتائیں تاہم میرے اصل ٹوئٹ کو سیاق وسباق سے ہٹ کر لیا گیا ہے حالانکہ اس کا مقصد کسی بھی فرد بالخصوص مرنے والی خاتون کی تذلیل کرنا نہیں تھا۔

شال بقیہ 26

جس کیلئے بجٹ میں ایک ارب 40 کروڑ روپے مختص کئے گئے ہیں، اسی طرح ساحلی پٹی کی ترقی اور بلوچستان کوسٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی کو جدید خطوط پر استوار کرنے کیلئے منصوبے شامل کئے گئے ہیں، نئے مالی سال کے دوران ساحلی علاقوں میں سیاحتی مقامات پر آرام گاہیں، ریسٹورنٹس، موٹلز، واش رومز اور ایمرجنسی رسپانس سنٹرز قائم کئے جائیں گے، انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں سرمایہ کاری وصنعتی سرگرمیوں کا فروغ صوبے کیلئے مستقبل کی جانب اہم پیشرفت ہے، ان اقدامات سے سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال ہوگا اور سیاحتی سہولیات کی فراہمی سے ملکی وغیر ملکی سیاح بلوچستان کا رخ کرینگے، انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کے ویژن کے مطابق بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ سرمایہ کاروں اور کاروباری طبقے کو سہولیات کی فراہمی یقینی بنا رہا ہے۔

شال بقیہ 27

سے پیش کرتا بجٹ پر اپنے جاری کردہ بیان میں اظہار خیال کرتے ہوئے کیا محترمہ لیلیٰ ترین کا کہنا ہے آئندہ مالی سال کا بجٹ مشکل بجٹ ثابت ہوا، کورونا وائرس اور ٹڈی دل کے باعث معاشی حالات کے باوجود حکومت نے عوام کو ریلیف دیا گیا ہے انہوں

لوگوں کو سنجیدگی سے لاک ڈاؤن و سماجی فاصلے کا طلاق کرنا چاہیے، چیف سیکرٹری بلوچستان

کرونا وائرس کے پھیلاؤ و تدارک کیلئے حکومتی اقدامات کی کامیابی انحصار لوگوں کے رویئوں پر ہے

جن علاقوں میں کورونا کے زیادہ کیسز رپورٹ ہوئے ہیں ان علاقوں میں مکمل لاک ڈاؤن کے امور بھی زیر غور ہے، فضیل اصغر

کوئٹہ (ن ن) چیف سیکرٹری بلوچستان کمیشن (ر) فضیل اصغر نے کہا ہے کہ کرونا وائرس کے پھیلاؤ و تدارک کیلئے حکومتی اقدامات کی کامیابی انحصار لوگوں کے رویئوں پر ہے لوگوں کو سنجیدگی سے لاک ڈاؤن و سماجی فاصلے کا طلاق کرنا چاہیے بصورت دیگر یہ وبا خطرناک صورت اختیار کرسکتی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے کرونا وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے کیلئے سمارٹ لاک ڈاؤن اور اس متعلق دیگر امور کا جائزہ لیتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں سیکرٹری صحت، سیکرٹری سپورٹس، ایڈیشنل آئی جی، کمشنر کوئٹہ و دیگر نے شرکت کی۔ انہوں نے محکمہ صحت کے اہلکاروں خصوصاً ڈاکٹر صاحبان، نرسز اور پیرا میڈیکل اسٹاف کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ کرونا وائرس کے خلاف فرنٹ لائن پر لڑ رہے ہیں ان کی خدمات قابل قدر ہیں۔ اجلاس کو تفصیل نمبر 35 صفحہ 3 پر

کوئٹہ چیف انجینئر آپریشن کیسکو عرفان علی میمن سے ایم پی اے قادر علی نائل کیسکو ہیڈ کوارٹر میں ملاقات کر رہے ہیں

وزیراعلیٰ عثمان بزدار سے سپیکر چودھری پرویز الٰہی اور مونس الٰہی کی ملاقات

چودھری پرویز الٰہی کی تجویز پر گجرات میں 500 بیڈ پر مشتمل مدر اینڈ چائلڈ ہسپتال بنانے کی منظوری دے دی گئی

سیاسی صورتحال، اتحاد عامہ کے پروگرام، کورونا سے بچاؤ کی حکمت عملی سمیت اتحاد کو مزید مضبوط بنانے پر تبادلہ خیال

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار سے سپیکر پنجاب اسمبلی چودھری پرویز الٰہی اور رکن قومی اسمبلی مونس الٰہی نے وزیراعلیٰ ہاؤس میں ملاقات کی۔ وزیراعلیٰ عثمان بزدار نے چودھری پرویز الٰہی کی تجویز پر گجرات میں 500 بیڈ پر مشتمل مدر اینڈ چائلڈ ہسپتال بنانے کی اصولی منظوری دے دی۔ ملاقات میں بجٹ سیشن، صوبے کی سیاسی صورتحال، اتحاد عامہ کے پروگرام، کورونا سے بچاؤ کی حکمت عملی سمیت اتحاد کو مزید مضبوط بنانے پر تبادلہ خیال کیا گیا اور تحفظات کو دور کیا گیا۔ ملاقات میں تفصیل نمبر 48 صفحہ 3 پر

منجھو شوری پولیس کی کامیاب کارروائی قتل کا روپوش ملزم گرفتار

تمبو (آن لائن) منجھو شوری پولیس کی کامیاب کارروائی قتل کا روپوش ملزم گرفتار، پولیس کے مطابق ایس ایچ او منجھو شوری غلام حیدر منجھو کی نگرانی میں منجھو شوری پولیس نے کارروائی کر کے سندھ کے علاقے سے قتل کے مرکزی ملزم خان محمد تفصیل نمبر 47 صفحہ 3 پر

آفت پورا صوبہ کورونا وائرس سے متاثر ہے صورتحال ابتر ہوتی جارہی ہے، جمال شاہ کاکڑ

حکومت کی لاپرواہی اور نااہلی کی وجہ سے جن اضلاع میں کورونا وائرس موجود نہیں تھا وہاں بھی پھیل گیا

کورونا وائرس اس حد تک پھیل چکا ہے کہ اب صوبے میں مکمل لاک ڈاؤن کئے بغیر اس پر قابو پانا ممکن نہیں، سابق اسپیکر

کوئٹہ (این این آئی) مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری و سابق اسپیکر جمال شاہ کاکڑ نے صوبے میں کورونا وائرس کے بڑھتے ہوئے کیسز پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان کے جن اضلاع میں کورونا وائرس موجود نہیں تھا وہاں بھی حکومت کی لاپرواہی اور نااہلی کی وجہ سے وائرس پھیل گیا ہے، اس وقت پورا صوبہ کورونا وائرس سے متاثر ہے کوئٹہ، پشین، قلعہ عبداللہ، لسبیلہ، جعفر آباد، ژوب سمیت دیگر اضلاع میں تفصیل نمبر 37 صفحہ 3 پر

کوئٹہ انجمن کے صحافی عبدالمتین اچکزئی اور سعید علی اچکزئی گرفتاری کے بعد پولیس کے تشدد کے نشانات دکھا رہے ہیں

لیویز فورس خضدار کی اہم کارروائی راہزنی / اسٹریٹ کرائم کے گروہ کے اہم کارندہ گرفتار

خضدار (نامہ نگار) لیویز فورس خضدار کی اہم کارروائی راہزنی / اسٹریٹ کرائم کے گروہ کے اہم کارندہ گرفتار ایک پستول، دو میگزین، راؤنڈز ایک موٹر سائیکل، چار موبائل برآمد تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر خضدار طفیل احمد بلوچ اسسٹنٹ تفصیل نمبر 51 صفحہ 3 پر

ڈیرہ بگٹی پولیس کی کارروائی مفرور ملزم گرفتار تفتیش شروع

ڈیرہ بگٹی (آن لائن) ڈیرہ بگٹی پولیس کی کارروائی مفرور ملزم گرفتار تفتیش شروع پولیس کے مطابق ایس پی ڈیرہ بگٹی فلائٹ لیفٹیننٹ ریٹائرڈ عطاء الرحمن ترین کی ہدایت پر انچارج سی آئی اے پولیس ڈیرہ بگٹی محمد بلال نے اپنے ٹیم تفصیل نمبر 54 صفحہ 3 پر

صوبائی وزیر نوابزادہ طارق خان مگسی نے یونین کونسل پتری تحصیل گنداوہ کے عوام سے کیا گیا ایک اور وعدہ پورا کر دیا

گنداوہ (نامہ نگار) اظہار تنکر بلوچستان عوامی پارٹی کے صدر چیف سردار جلال خان لاشاری، ضلعی جنرل سیکرٹری میر اسلم خان مگسی صاحب کی نشاندہی و کوششوں سے صوبائی وزیر نوابزادہ طارق خان مگسی نے یونین کونسل پتری تحصیل گنداوہ کے عوام سے کیا گیا ایک اور وعدہ پورا کر دیا گیا جان ٹوپتری کوناڑہ روڈ منصوبہ کے بعد گاجان ٹوپتری کوناڑہ روڈ منصوبہ اس سال کے PSDP میں شامل کرا دیا ہے علاقائی معززین و معتبرین وڈیرہ بختیار خان لاشاری رئیس حبیب اللہ لاشاری رئیس منظور احمد تفصیل نمبر 57 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے قدرتی وسائل کا ملک کے معیشت میں کلیدی کردار ہے، سردار نصیر احمد موسیانی

مہنگائی میں ہوشربا اضافے کے باوجود سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ نہ کرنا زیادتی ہے

خضدار (نامہ نگار) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی کمیٹی کے رکن و ضلع خضدار کے صدر سردار نصیر احمد موسیانی نے کہا ہے کہ وفاقی بجٹ اور بلوچستان بجٹ نے ترقی پسند کے نعرے لگانے والوں کی نااہلی ثابت کر دی ہے۔ مہنگائی میں ہوشربا اضافے کے باوجود سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ نہ کرنا زیادتی ہے۔ وفاقی بجٹ میں بلوچستان کے اہم منصوبوں کو کٹ لگایا گیا۔ سردار نصیر احمد موسیانی نے جاری بیان میں کہا ہے کہ بلوچستان کے قدرتی وسائل کا ملک کے معیشت میں کلیدی کردار ہے۔ وفاقی بجٹ اور بلوچستان بجٹ سرکاری ملازمین کو نظر انداز کرنا ظلم ہے۔ ڈکٹیٹ پر چلنے والے لوگوں نے تفصیل نمبر 55 صفحہ 3 پر

ہر دور میں ضلع صحبت پور کے مفدوروں کو وفاقی حکومت اور صوبائی حکومت نظر انداز کرتی آرہی ہے

پورے پاکستان کی طرح بلوچستان کی حکومت کے پاس بھی مفدوروں کی نوکریوں کا کوٹہ ہوتا ہے، خالد حسین کھوسہ

صحبت پور (این این آئی) صدر مفدوران ضلع صحبت پور کے صدر خالد حسین کھوسہ، جنرل سیکرٹری سومر خان ناچی، سینئر نائب صدر سونا خان منگوئی، فنانس سیکرٹری محمد رحیم منگوئی اور دیگر نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ ہر دور میں ضلع صحبت پور کے مفدوروں کو وفاقی حکومت اور صوبائی حکومت نظر انداز کرتی آرہی ہے۔ پورے پاکستان کی طرح بلوچستان کی حکومت کے پاس بھی مفدوروں کی نوکریوں کا کوٹہ ہوتا ہے۔ بلوچستان کے ہر اضلاع میں مفدور لوگوں کو مفدوری کوٹہ میں بھرتی کیا جاتا ہے۔ مگر افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ بلوچستان کا واحد ضلع صحبت پور ہے۔ جہاں کسی بھی تفصیل نمبر 56 صفحہ 3 پر

کوئٹہ ٹی بی کنٹرول پروگرام کے کوارڈی نیٹر ڈاکٹر سمیع کاکڑ ٹی بی کنٹرول پروگرام کے پارٹنرز کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستان میں آن لائن گراسریز ڈیلیوری کی تلاش میں 300 فیصد اضافہ

کراچی (این این آئی) پاکستان میں لاک ڈاؤن کے دوران آن لائن گراسریز ڈیلیوری کی تلاش میں 300 فیصد اضافہ ہوگیا۔ گوگل ایشیا پیسفک کے انڈسٹری ہیڈ فار تفصیل نمبر 63 صفحہ 3 پر

اسپیکر و ڈپٹی اسپیکر طالب جوہری کے انتقال پر دکھ اور افسوس کا اظہار

علامہ طالب جوہری کی مذہبی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، اسد قیصر، قاسم خان سوری

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی قاسم خان سوری نے جید شیعہ عالم دین علامہ طالب جوہری کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ طالب جوہری حافظ قرآن اور ایک نامور شاعر تھے ان کی وفات پر دکھ ہوا۔

جنوری تا مارچ 2020 تک بلوچستان میں 2800 ٹی بی کے مریض رجسٹرڈ ہوئے، ڈاکٹر سمیع کاکڑ

1998 سے لیکر جنوری 2020ء تک صوبے بھر میں ٹی بی کنٹرول پروگرام کے ذریعے 93 ہزار سے زیادہ مریضوں کی نشاندہی اور علاج کیا جاچکا ہے

جنوری سے 31 مارچ تک صوبے میں 2800 ٹی بی کے نئے مریض رجسٹرڈ کئے گئے جن کا علاج جاری ہے، کوارڈی نیٹر ٹی بی کنٹرول پروگرام بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) ٹی بی کنٹرول پروگرام بلوچستان کے کوارڈی نیٹر ڈاکٹر سمیع کاکڑ نے کہا ہے کہ جنوری سے مارچ 2020 تک بلوچستان میں بلوچستان میں 2800 ٹی بی کے مریض رجسٹرڈ کئے گئے جن کا باقاعدہ علاج شروع کر دیا گیا ہے، کورونا وائرس کے باعث ٹی بی کنٹرول پروگرام کی سرگرمیاں محدود کی گئی تھیں اب ایس پی اوز پر عملدرآمد کرتے ہوئے پارٹنرز کے ساتھ مل کر ٹی بی کنٹرول پروگرام کو صوبے بھر میں دوبارہ فعال کیا جائے گا۔ یہ تفصیل نمبر 39 صفحہ 3 پر

لورالائی بلوچستان لیبر فیڈریشن کی جانب سے مزدور دشمن بجٹ اور مہنگائی کیخلاف ریلی کی قیادت امان اللہ اتمانخیل، محمد یار کدیزی و دیگر کر رہے ہیں

وزیراعلیٰ بلوچستان کی قیادت میں صوبائی کابینہ حکومت نے ایک بہترین بجٹ پیش کیا ہے، محمد صالح الدین مینگل

بجٹ میں حکومت نے پسماندہ علاقوں کو ترجیح دی، اپوزیشن احتجاج کی بجائے حکومت کا ساتھ دے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما محمد صالح الدین مینگل ایڈووکیٹ، لیاقت ہزارہ، شہباز خان کاکڑ اور وڈیرہ شہزاد لانگو کی قیادت میں بی اے پی کے مرکزی صدر و وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان اور جنرل سیکرٹری و سینیٹر منظور احمد کاکڑ کی حمایت میں پیر کو بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ سے ایک ریلی نکالی گئی جو زرغون روڈ، انسکب روڈ سے ہوتی ہوئی پریس کلب پہنچ کر مظاہرے کی شکل اختیار کر گئی مظاہرین سے بی اے پی کے مرکزی تفصیل نمبر 40 صفحہ 3 پر

فاطمہ جناح چیسٹ اینڈ جنرل ہسپتال کے ایم ایس سے کیسکو اہلکار کی مبینہ بدتمیزی

ایم ایس نے کیسکو کے لائن سپرنٹنڈنٹ کے خلاف مقدمہ کے اندراج کی درخواست دے دی

کوئٹہ (این این آئی) فاطمہ جناح چیسٹ اینڈ جنرل ہسپتال کے ایم ایس سے کیسکو اہلکار کی مبینہ بدتمیزی، ایم ایس نے کیسکو کے لائن سپرنٹنڈنٹ کے خلاف مقدمہ کے اندراج کی درخواست دے دی تفصیلات کے مطابق پیر کو کیسکو کے لائن سپرنٹنڈنٹ کی جانب سے ایم ایس فاطمہ جناح ہسپتال ڈاکٹر نور اللہ موسیٰ سے مبینہ بدتمیزی کے خلاف ایم ایس فاطمہ جناح ہسپتال کی جانب تفصیل نمبر 42 صفحہ 3 پر

سیکورٹی فورسز پر حملے قابل مذمت ہیں، حمزہ خان ناصر

ملک دشمن عناصر کے ایسے اوچھے ہتھکنڈوں سے فورسز کے حوصلوں کو پست نہیں کیا جاسکتا

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے صوبائی رہنما حمزہ خان ناصر نے وزیرستان میں دہشت گردوں کی فائرنگ سے کیپٹن اور جوان کی شہادت کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک دشمن عناصر کے ایسے اوچھے ہتھکنڈوں سے فورسز کے حوصلوں کو پست نہیں کیا جاسکتا۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں حمزہ خان ناصر نے وزیرستان میں گشت پر مامور پاک فوج کے اہلکاروں پر دہشت گردوں کے حملے میں کیپٹن صبیح اور سپاہی تفصیل نمبر 45 صفحہ 3 پر

قلات کے قبائلی و سیاسی رہنما میر ممتاز شاہوانی نے بلوچستان عوامی پارٹی سے مستعفی ہوگیا

کوئٹہ (آن لائن) قلات کے قبائلی و سیاسی رہنما میر ممتاز شاہوانی نے بلوچستان عوامی پارٹی سے مستعفی ہوگیا، انہوں نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ آئندہ میرا بلوچستان عوامی پارٹی سے کوئی تعلق نہیں ہوگا آئندہ کا لائحہ عمل دوستوں کے مشاورت سے طے کرینگے۔ تفصیل نمبر 46 صفحہ 3 پر

شیر محمد مری نے گزشتہ روز تحصیل تمبو کے مختلف لیویز چوکیوں کا اچانک دورہ کیا

لیویز اہلکاروں کی حاضریوں و چوکیوں میں سہولیات کا جائزہ لیا

کوہلو (ن ن) ڈپٹی کمشنر عبداللہ خان کھوسہ کی خصوصی ہدایت پر رسالدار میجر لیویز شیر محمد مری نے گزشتہ روز تحصیل تمبو کے مختلف لیویز چوکیوں کا اچانک دورہ کیا ہے انہوں نے تمبو، ست توکلی سمیت مختلف لیویز چوکیوں کا دورہ کیا اور لیویز اہلکاروں کی حاضریوں و چوکیوں میں سہولیات تفصیل نمبر 49 صفحہ 3 پر

جنوبی کوریا، کورونا وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے سخت اقدامات کا فیصلہ

وائرس کی دوسری لہر کے خدشے کے پیش نظر وہ اس صورتحال سے نمٹنے کی تیاری کر رہے ہیں، میئر سیول

سیول (این این آئی) جنوبی کوریا کے پانچویں بڑے شہر ڈیجیون میں کورونا وائرس کے نئے متاثرین سامنے آنے کے بعد سماجی فاصلے جیسے سخت اقدامات دوبارہ لاگو کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق جنوبی کوریا میں گذشتہ 24 گھنٹوں میں کورونا وائرس کے 17 نئے تفصیل نمبر 50 صفحہ 3 پر

ژوب جامعہ تعلیم شہید اسلام جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنما مولانا مفتی محمود، دیگر سابق صوبائی امیر مولانا محمد خان شیرانی نے تقریب کو رونق بخشی

خضدار لیسانوترین ضلع میں بنیادی سہولیات کے ساتھ ساتھ عوام تعلیم جیسے نعمت سے بھی محروم ہیں، رئیس عبدالرحمان کرد

ہم وزیر تعلیم بلوچستان سردار یار محمد رند صاحب سے پرزور اپیل کرتے ہیں کہ ضلع خضدار میں بھی ایجوکیشن سٹی بنائی جائے

خضدار (نامہ نگار) ہم وزیر تعلیم بلوچستان سردار یار محمد رند صاحب سے پرزور اپیل کرتے ہیں کہ ضلع خضدار میں بھی ایجوکیشن سٹی بنائی جائے۔ ان خیالات کا اظہار پاکستان تحریک انصاف ضلع خضدار کے صدر رئیس عبدالرحمان کرد سینئر نائب صدر حاجی عبدالرسول قلندرانی نائب صدر سیف اللہ گنگو نائب صدر محمد ملوک ڈپٹی جنرل سیکریٹری عزیز الرحمان ساسولی پاکستان تحریک انصاف ساڈھ ایسٹ ریجن قلات تمپر آباد لیبر ونگ کے صدر حاجی محبوب علی کرد ڈسٹرکٹ خضدار لیبر ونگ کے صدر شبیر احمد شیخ سینئر نائب صدر حافظ غلام نبی رند جنرل سیکریٹری فیض اللہ قلندرانی انصاف اسٹوڈنٹس تفصیل نمبر 58 صفحہ 3 پر

احتیاطی تدابیر اختیار نہ کرنے پر سخت سرزنش ہوگی اسسٹنٹ کمشنر والبدین جاوید ڈومکی

شہر کے دوکانوں، مارکیٹوں اور چائوں کے دوکانوں کا بھی دورہ کیا کورونا وائرس کے پیش نظر دیے گئے

والبدین (این این آئی) احتیاطی تدابیر اختیار نہ کرنے پر سخت سرزنش ہوگی اسسٹنٹ کمشنر والبدین جاوید ڈومکی کا والبدین شہر کے مختلف دوکانوں مارکیٹوں کا دورہ احتیاطی تدابیر کے متعلق پمفلٹ بھی تقسیم کیا احتیاطی تدابیر پر غفلت بھرتنے والے متعدد تاجروں کو جرمانہ کردیا اور پمفلٹ کو اپنے دوکان کے سامنے آویزاں کرنے کی ہدایت کردی تفصیل نمبر 62 صفحہ 3 پر

میر عارف ریکی پر قاتلانہ حملہ کھلی دہشت گردی ہے، انور بلوچ

بلوچستان نیشنل پارٹی کے رہنماؤں اور ورکرز پر حملے سے کارکنان کی حوصلے کبھی بھی پست نہیں ہوں گے

والبدین (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی چائی کے ضلعی ترجمان انور بلوچ نے اپنے مذمتی بیان میں کہا کہ میر عارف ریکی پر قاتلانہ حملہ کھلی دہشت گردی ہے بلوچستان نیشنل پارٹی کے رہنماؤں اور ورکرز پر حملے سے کارکنان کی حوصلے کبھی بھی پست نہیں ہوں گے انہوں نے حملے کو صوبے میں افراتفری پھیلانے کی سازش قرار دیتے ہوئے کہا کہ ایسے ہتھکنڈوں سے بی این پی اپنے اصولی موقف سے دستبردار نہیں ہوگا۔

تفتان میں پانی کی صورتحال گھمبیر ہوتا جارہا ہے، میر سعید سالانی

لوگ گرمی کے موسم میں پانی کے بوند بوند کو ترسنے لگے، رہنماء السنی چینل

تفتان (آن لائن) تفتان میں پانی کی صورتحال گھمبیر ہوتا جارہا ہے لوگ گرمی کے موسم میں پانی کے بوند بوند کو ترسنے لگے اس سلسلے میں السنی چینل کے رہنما میر سعید سالانی نے کہا کہ شدید گرمی اور اس پر اگر عوام کو پانی کی سہولت میسر نہ ہو تو لوگوں کے لیے کربلا کا منظر ہے اس وقت ہمارے ضلع کے منتظر صرف ماسٹر پلان کے چکر میں ہیں انہیں لوگوں کی تکلیف سے کوئی واسطہ نہیں ہے وہ صرف مخصوص لوگوں کو مالا مال کر رہے ہیں۔

مسلم ایڈ نامی این جی اوز میں مقامی افراد کی بجائے باہر سے بھرتی کرنا قابل مذمت ہے

ضلع چائی کے اکثر نوجوان بے روزگار دربدر کی ٹھوکریں کھا رہے ہیں، عوامی حلقے

چائی (آن لائن) مسلم ایڈ نامی این جی اوز میں مقامی افراد کی بجائے باہر سے بھرتی کرنا قابل مذمت ہے تحریک آواز چائی کے ترجمان اور ضلع چائی کے عوامی حلقوں نے اپنے ایک جاری کردہ بیان میں کہا ہے ضلع چائی کے اکثر نوجوان بے روزگار دربدر کی ٹھوکریں کھا رہے ہیں مگر یہاں پر کام کرنے والے این جی اوز کے بالائی آفیسران باہر ڈسٹرکٹ سے اپنی رشتہ داروں کو نواز رہے ہیں۔

عمران خان بدعنوان عناصر کیخلاف ڈٹ کر کھڑے ہیں، ڈاکٹر شاہد صدیق

اختلاف رائے جمہوریت کا حسن ہوتا ہے حکومت اتحادیوں کے تحفظات ہر صورت دور کرے گی

لاہور (این این آئی) ترجمان وفاقی حکومت، چیئرمین لاہور ٹرانسپورٹ کمیٹی ڈاکٹر شاہد صدیق خان نے کہا ہے کہ عمران خان بدعنوان عناصر کیخلاف ڈٹ کر کھڑے ہیں، ماضی میں اشرافیہ کیلئے جبکہ موجودہ حکومت غریبوں اور مزدوروں کو مدنظر رکھ کی پالیسیاں بنا رہی ہے، اختلاف رائے جمہوریت کا حسن ہوتا ہے حکومت اتحادیوں کے تحفظات ہر صورت دور کرے گی۔ اپنے بیان میں انہوں نے تفصیل نمبر 66 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی سے کلیکٹر کسٹم کوئٹہ عبدالوحید مروت ملاقات کر رہے ہیں

کورونا وائرس کے کیسز میں بتدریج اضافہ جاری ہے

محکمہ صحت کی جانب سے اب تک 623 ٹیسٹ کئے، جن میں 170 مثبت آگئے

مستونگ (نامہ نگار) کورونا وائرس کے کیسز میں بتدریج اضافہ جاری ہے۔ سنٹرل جیل مستونگ میں کورونا وائرس پھیل گیا سنٹرل جیل میں موجود 24 قیدیوں میں 9 کا کورونا ٹیسٹ مثبت آگیا مستونگ میں کورونا وائرس کے مثبت مریضوں کی تعداد 170 ہوگئی گزشتہ چودہ دنوں میں مزید 22 مثبت کیسز سامنے آئے تفصیلات کے مطابق سنٹرل جیل مستونگ میں قید قیدیوں میں تفصیل نمبر 43 صفحہ 3 پر

بلوچستان فوڈ اتھارٹی کے سینئر افسران و عملہ پر مشتمل مختلف معائنہ ٹیموں کریک ڈاؤن

غیر برانڈڈ اور ممنوعہ و مضر صحت کھانے پینے کی اشیاء قبضے میں لے کر موقع پر تلف کر دی گئیں

کوئٹہ (ن ن) بلوچستان فوڈ اتھارٹی کے سینئر افسران و عملہ پر مشتمل مختلف معائنہ ٹیموں نے بی شہر اور ضلع ژوب میں کریک ڈاؤن کرتے ہوئے غیر معیاری کھانے پینے کی اشیاء کی تیاری و فروخت اور حفظان صحت کے اصولوں کی خلاف ورزی پر متعدد کھانے پینے کے مراکز پر جرمانے عائد کر دیے جبکہ متعدد مراکز سے غیر برانڈڈ اور ممنوعہ و مضر صحت کھانے پینے کی اشیاء قبضے میں لے کر موقع پر تلف کر دی گئیں۔ بی ایف اے کی بی شہر میں کارروائیوں کے دوران غیر معیاری، زائد المیعاد اور غیر برانڈڈ اشیاء خورد و نوش کی موجودگی و فروخت پر آٹھ ہوٹل، بیکریز و جنرل اسٹورز، جبکہ صفائی کے ناقص انتظامات، حفظان صحت کے اصولوں کے برخلاف و غیر معیاری پراڈکشن پر دو بیکری یونٹس کو جرمانہ کیا گیا۔ ژوب میں موجود بی ایف اے تفصیل نمبر 44 صفحہ 3 پر

چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو 24 جون کو 11 بجے سے دوپہر ایک بجے تک ٹیلی فون پر صارفین کی شکایت سنیں گے

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر محمد عارف بروز بدھ 24 جون کو دن 11 بجے سے دوپہر ایک بجے تک صارفین کی بجلی سے متعلق شکایات ٹیلی فون پر براہ راست سنیں گے جبکہ کیسکو کے چیف انجینئر (آپریشن ڈائریکٹر) محمد عرفان میمن بھی ان کے ہمراہ ہوں گے۔

انجینئر محمد اسلم کیسکو کے چیف انجینئر (ٹی اینڈ جی) تعینات

کوئٹہ (ن ن) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے ایک نوٹیفکیشن کے مطابق انجینئر محمد اسلم کو چیف انجینئر (ٹرانسمیشن اینڈ گرڈ) کے عہدے پر تعینات کر دیا گیا ہے جنہوں نے باقاعدہ طور پر اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا ہے۔

وفاقی وزیر منصوبہ بندی کی زیر صدارت اجلاس، پانی کی فراہمی میں بہتری میں پیشرفت کا جائزہ لیا گیا

رواں ماہ کے آخر تک پانی کی فراہمی کی صورتحال میں کافی حد تک بہتری آجائے گی، اعلیٰ اجلاس کے بعد اعلامیہ جاری

غیر قانونی کنکشنز کو فوری ختم کیا جائے اور مجرموں کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے، اسد عمر کا اجلاس میں اظہار خیال

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی اسد عمر کی زیر صدارت اجلاس میں بتایا گیا ہے کہ رواں ماہ کے آخر تک پانی کی فراہمی کی صورتحال میں کافی حد تک بہتری آجائے گی۔ وفاقی وزیر منصوبہ بندی اسد عمر کی زیر صدارت اسلام آباد میں پانی کی فراہمی میں بہتری میں پیشرفت کا جائزہ لینے کیلئے اجلاس ہوا جس میں چیف میونسپل آفیسر نے بتایا کہ حالیہ ہفتوں میں پانی کی قلت کے مسئلے کو حل کرنے کے لئے متعدد اقدامات اٹھائے گئے ہیں۔ اعلامیہ میں کہا گیا کہ پوائنٹ فقیران سے آئی نین ون سیکٹر جانے والے راستے اور سیکل واٹر کنڈکشن لائنوں پر مین کنڈکشن لائن کو ٹھیک کرنے کے لیے جام جاری تفصیل نمبر 36 صفحہ 3 پر

کوہلو رسالدار میجر شیر محمد مری تمبو میں دورے کے موقع پر چوکی میں لیویز اہلکاروں مسائل سن رہے ہیں

باپ پارٹی سے بڑی تعداد میں مستعفی اور نیشنل پارٹی میں شمولیت

خضدار (نامہ نگار) باپ پارٹی سے بڑی تعداد میں مستعفی اور نیشنل پارٹی میں شمولیت تفصیلات کے مطابق آج نیو فروز آباد کلی کھیانڑی میں ایک عوامی پروگرام منعقد ہوا۔ جس میں بڑی تعداد میں باپ پارٹی سے استعفی دینے اعلان کیا۔ اور سردار محمد اسلم بزنجو کے قیادت پر یقین کرتے تفصیل نمبر 53 صفحہ 3 پر

ڈپٹی کمشنر چاغی کے دفتر سے جاری ہونے کا تعزیتی اعلامیہ

کوئٹہ (ن ن) ڈپٹی کمشنر چاغی کے دفتر سے جاری ہونے والے ایک تعزیتی اعلامیہ میں امین اللہ ولد شاہ نواز خان وفاقی لیویز سپاہی کے اچانک انتقال پر گہرے دکھ اور غم کا اظہار کرتے ہوئے متاثرہ خاندان سے تعزیت کی ہے۔ انہوں تفصیل نمبر 59 صفحہ 3 پر

بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے ڈویژنل ڈائریکٹر نصیر آباد محمد خان کھوسہ کو ایمانداری سے کام کرنا وبال جان بن گیا

چند اسٹاف کے لوگوں و دیگر بااثر افراد کی جانب سے مسلسل گن پوائنٹ کے ذریعے ڈرایا دھمکایا جارہا ہے، بی ایس او

کوئٹہ (پ ر) بی ایس او پجار ڈیرہ مراد جمالی زون کے ترجمان نے اپنے مذمتی بیان میں کہا ہے کہ بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے ڈویژنل ڈائریکٹر نصیر آباد محمد خان کھوسہ کو ایمانداری سے کام کرنا وبال جان بن گیا چند اسٹاف کے لوگوں و دیگر بااثر افراد کی جانب سے مسلسل گن پوائنٹ کے ذریعے ڈرایا دھمکایا جارہا ہے اور بہت نہ دینے پر دھمکیاں دی جارہی ہیں ہتک بی ایس او پجار سخت الفاظ میں مذمت کرتی ہے موصوف ایک شریف انٹس انسان اور ایماندار آفیسر ہیں انہیں تلخ حربے استعمال کرکے تفصیل نمبر 52 صفحہ 3 پر

پاکستان پیپلز پارٹی نے ملک کی ترقی عوام کی خوشحالی اور جمہوریت کے لئے لازوال قربانیاں دی ہیں، میر حسن خان جمالی

شہید بے نظیر بھٹو آج ہم میں موجود نہیں لیکن پیپلز پارٹی کے جیالوں اور پاکستان کے غریب و مظلوم عوام کی دلوں میں آج بھی زندہ ہے

اوستہ محمد (این این آئی) شہید بے نظیر بھٹو کی 67 سالگرہ کے سلسلے میں پاکستان پیپلز پارٹی کی جانب سے ایڈو ہاؤس اوستہ محمد میں سادہ و شاندار تقریب کا اہتمام کیا گیا تقریب سے پیپلز پارٹی کے صوبائی رہنما سابق رکن بلوچستان اسمبلی میر حیدر علی خان جمالی پیپلز پارٹی کے صوبائی رہنما و مارکیٹ کمیٹی جعفر آباد کے چیئرمین میر حسن خان جمالی و دیگر رہنماؤں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تفصیل نمبر 60 صفحہ 3 پر

لوکل فنکاروں کے حق کی بات کروں گا اور اپنے لوکل فنکار بھائیوں کو کبھی اکیلا نہیں چھوڑوں گا، امیت کمار

سبی (نامہ نگار) آل پاکستان فاؤنڈیشن سبی کی جانب سے سبی میں لوکل فنکاروں کا ان الیکشن کی تقریب صحبت سرائے سبی میں منعقد ہوئی جس میں سبی کے لوکل فنکاروں نے کثیر تعداد میں شرکت کی، الیکشن میں شاہ علی عرف (ٹمن) اور تفصیل نمبر 61 صفحہ 3 پر

محکمہ تعلقات عامہ ملازمین کے لیے ایک اضافی بونس تنخواہ کا اعلان خوش آئند ہے، شاہ عرفان غرشین

کرونا کی موجودہ صورتحال میں بھی ہمارے ملازمین دن رات اپنے فرائض کی ادائیگی کے لیے کوشاں ہیں

کوئٹہ (این این آئی) ڈویژنل آفس نصیر آباد محکمہ تعلقات عامہ نے صوبائی سیکرٹری انفارمیشن شاہ عرفان غرشین اور ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ